

کتابچہ برائے ڈائریکٹر

# کیمل ایڈونچرز

دانیال اور اس کے دوستوں کے ساتھ مل کر بہادری کا مظاہرہ کرنا




ویکیشن بائبل سکول (VBS)

منجانب

چلڈرن آر امپارٹمنٹ (Children Are Important)

## کتابچہ برائے ڈائریکٹر

ویب سائٹ: childrenareimportant.com/camel

## "Children Are Important" کی پوری ٹیم کا بہت شکریہ!

Founders, Dwight y Kristina Krauss
Creative Team Manager, Flor Boldo Creative Editorial Team, Jennifer Sánchez, Areli Salinas, Ramón Martínez, Marlon Hernández.
Designer, Julio Sánchez
Contributing Designer Suzanna Kangas (Suki)
Consulting Emeritus, Miguel y Vickie Kangas
Facebook Page Spanish Admin, Ramón Martínez and Verónica Toj
Facebook Page English Admin, Marlon Hernández and Flor Boldo
Translation Team, alineviera, Annupama Wankhede, Anton Klymyk, Araz Mammadzadeh, Aroma Publications and Media, Arturo Jr Boron, Blessy Jacob, Carmela Dawn Flores, Chrisbresnahan, David Raju, Ephraim Njuguna Mirobi, Finny Jacob, Geenav, HamidReza Azimi (hamid.azimi1364 at gm#ail com), Heyaudrey, I-clever.com, iqbalman, Jacob Kuruvilla, kamilturk, Karunguru Mwangi, kiran, Maitrayi Mondal, Marco Chu, Marcos Rocha, Mathew Das, Mitesh Mandaliya, mrramlama, Mrs.Geethashree NavaneethaKrishnan, Nassim Bougtaia, nicbenk, Paul Mwangi, Paul Septan, Rana922, Rubina Rai, Safdar Khan, shahroshan15, Talento-Unido, ueritom, Verdia Juliansyah Cancerika, Yeoh Jung Chin, Zeina Mirella Barzaga Arencibia

# کیمل ایڈونچرز (اونٹوں سے متعلق مہمات) میں خوش آمدید!

کیمل ایڈونچرز "Camel Adventures" میں خوش آمدید! یہ ویکیشن بائبل سکول پروگرام (VBS) کا ایک نیا اور دلچسپ پروگرام ہے!اپنے بچوں کو اونٹوں اور سلطنتوں پر کی حامل مہم پر لائیں جس میں ہم سیکھیں گے کہ اس بدعنوان دنیا میں بہادری کے ساتھ خدا کی پیروی کس طرح کی جائے جس طرح کہ بنی اسرائیل کے لوگوں نے اپنی اسیری (جلا وطنی) کے دوران کی۔ اس پروگرام میں، ہم دانیال اور اس کے دوستوں سدرک، میسک، اور عبد نجو کی زندگیوں کی پیروی کریں گے ۔ ملکہ ایستھر آپ کے VBS سبق 4 میں بطور مہمان تشریف لارہی ہیں۔

اس VBS کے ہر دن، بچے مزاحیہ اونٹوں (پتلے یا اداکار) جس میں حقیقی زندگی سے عصر جدید کے کچھ موڑوں کے بارے میں جاننا پسند کریں گے ۔ اُن حقیقی ایکشن گانوں سے لطف اندوز ہوں جو اس VBS کے خیالیہ کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔ بچوں کو سبق کے عنوان کے حساب سے کوئی مزاحیہ سرگرمی کرنا سکھائیں اور پورے دن کے دوران اور مرکزی سبق کے لحاظ سے اسے دہرائیں۔ ایمپائر (سلطنت) میں موجود دستکاری سٹیشن میں مزاحیہ دستکاریاں بنائیں اور اس مقصد کے لیے وہ مٹیریل استعمال کریں جو مناسب قیمت پر دستیاب ہو اور دنیا کے کسی بھی کونے سے اُس کا متبادل حاصل کیا جاسکتا ہو۔ محل میں کلاس کے دوران ، بچے پیچیدہ بھول بھلیوں اور پہیلیوں کو حل کرکے لطف اندوز ہوں گے۔ بڑے طالب علموں کو یہ موقع دیا جاتا ہے کہ پڑھائے جانے والے سبق سے متعلق حقیقی زندگی کے مسائل کے بارے میں سوچ بچار کریں ۔ سبق کے عملی زندگی میں اطلاق کے لیے سارے طالب علموں کو گھر سے کرنے کے لیے ایک چھوٹی سی اسائنمنٹ دی جاتی ہے۔ بچے دانیال اور ایستھر سے ملنے اوربراہ راست اُن سے انجیلِ مقدس کی کہانیاں سننا اور پھر دانیال سٹیشن (Daniel Station) پر ڈراموں کے اندر دلچسپ سرگرمیاں انجام دینا پسند کریں گے۔ بلاشبہ ، کوئی بھی VBS گیمز کے بغیر ادھورا ہوگا (یعنی اس میں گیمز لازمی طور پر موجود ہوں گی)!گارڈن گیمز اور رائل بینکوئٹ سٹیشنز میں گیمز اور ہلکے پھلکے کھانوں سے متعلق مزاحیہ(اختیاری) تصورات پائیں۔ اپنے VBS کو سجانے اور مزید تفریح پیدا کرنے کے لیے اضافی تصورات کا جائزہ لینا مت بھُولیے!

آپ کے چر چ کی طرف سے پانچ اسباق مکمل کرنے کے عرصہ کے دوران محبت اور بہادری کے آپس میں تعلق کا جائزہ لیں اور طالب علموں کو اس کی نشاندہی کریں۔

1جان4:18 "محبت میں خوف نہیں ہوتا لیکن کامل محبت خوف کو بھگا دیتی ہے، کیوں کہ خوف کے پیچھے سزا کا ڈر ہے ۔ جو ڈرتا ہے اس کی محبت تکمیل تک نہیں پہنچتی"۔

بطور عیسائی جب ہم خدا کی عظمت اور ہمارے لیے اُس کی بے پناہ محبت کے بارے سمجھ بوجھ کے ساتھ بڑے ہوتے ہیں تو اس کی پیروی کرنے کے حوالےسے ہمارے اندر اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔ خدا اور دوسروں کے لیے محبت ہم میں سے ہر ایک کے اندر پیدا ہوگی، ایک ایسی محبت جو ہمیں دانیال اور اس کے دوستوں کی طرح اور یسوع مسیح جو ہمارے لیے بہادری کے ساتھ صلیب پر چڑھ گئے ، کی طرح بہادری پر مبنی کارنامے سرانجام دینے کی تحریک دیتا ہے۔

اس پروگرام میں سب سے اہم سبق دوسرا سبق ہے جس میں نجات کا پیغام ہے۔ اپنے VBS میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو مدعو کریں اور انہیں موقع دیں کہ وہ اپنی زندگی یسوع مسیح کے لیے وقف کردیں۔ اگر آپ صرف اتنا بھی کرتے ہیں تو آپ کا VBS ایک بہت بڑی کامیابی ہوگی۔ ذرا تصور کریں کہ آپ جنت میں ان لوگوں سے ملتے ہیں جو وہاں پر آپ کے VBS پروگرام کی وجہ سے موجود ہیں! اور ذرا تصور کریں کہ خدا آپ کے ساتھ کتنا خوش ہوگا اِس وجہ سے کہ آپ نے اُن بچوں کو بھی مدعو کیا جن سے وہ بہت زیادہ محبت کرتا ہے!


ہماری دعا ہے کہ خدا آپ کے VBSمیں بہت زیادہ برکت ڈالے کیوں کہ آپ ہمارے خداوند کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے تمام قوموں سے اس کے پیروکار بناتے ہیں اور بچوں کو اس کی پیروی کرنا سکھاتے ہیں۔ بچوں کی وزارت میں ہمارا مقصدچھٹیوں کے دنوں کے دنوں میں بچوں کی مفت دیکھ بھال کرنا نہیں بلکہ خدا کے بارے میں بچوں کو سکھانے کے لیے ہر موقع سے فائدہ اٹھانا ہے۔ VBS سرگرمیوں کے لیے دعا کرنے کے لیے اپنی ٹیم کے ساتھ اکٹھے ہوں اور پھر دیکھیں کہ کس طرح خدا آپ کے طالب علموں کی زندگیوں میں بہتری لاتا ہے۔




آپ یہاں زندگیاں بدلنے کے لیے موجود ہیں؛ ہم یہاں آپ کی مدد کرنے کے لیے موجود ہیں۔

بچے اہم ہیں (Children are Important) وزارت کی پوری ٹیم کی طرف سے۔


# جائزہ




- بہادری میں پہلی ترجیح خدا ہوتا ہے (بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے)

دانیال **1**: ایک نیا سکول اور گھر

رومنز 12:2 " اِس دنیا کے سانچے میں نہ ڈھل جائیں بلکہ اللہ کو آپ کی سوچ کی تجدید کرنے دیں تاکہ آپ وہ شکل و صورت اپنا سکیں جو اُسے پسند ہے۔ پھر آپ اللہ کی مرضی کو پہچان سکیں گے، وہ کچھ جو اچھا، پسندیدہ اور کامل ہے۔"




- بہادری اللہ پر بھروسہ کرتی ہے

دانیال **3**: دباؤ میں کام کرنے کے حوالے سے اعصاب کا امتحان

مناجات نامہ47:2  "کیونکہ رب تعالیٰ پُرجلال ہے، وہ پوری دنیا کا عظیم بادشاہ ہے۔"




- بہادری ہمیں سچ بتاتی ہے

دانیال **4**: بدشگونی پر مبنی ایک خواب

1کرنتھیوں 13:6 "محبت ناانصافی دیکھ کر خوش نہیں ہوتی بلکہ سچائی کے غالب آنے پر ہی خوشی مناتی ہے۔"




- بہادری دوسروں کو ترجیح دیتی ہے

ایستھر **3-9**: اس کے لوگوں کے لیے نجات

1جان 3:16 "اِس سے ہی ہم نے محبت کو جانا ہے کہ مسیح نے ہماری خاطر اپنی جان دے دی۔ اور ہمارا بھی فرض یہی ہے کہ اپنے بھائیوں اور بہنوں کی خاطر اپنی جان دیں۔"




- بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے

دانیال **6**: روزانہ کی عقیدتیں اور  خطرناک مقامات یا صورت حال

اسرائیلی (عبرانی) 10:36 " لیکن اِس کے لئے آپ کو ثابت قدمی کی ضرورت ہے تاکہ آپ اللہ کی مرضی پوری کر سکیں اور یوں آپ کو وہ کچھ مل جائے جس کا وعدہ اُس نے کیا ہے۔"

# اس مواد کا استعمال کس طرح کیا

## ڈائریکٹر

VBS کے ڈائریکٹر کے طور پر، آپ کا بنیادی کام VBS کو چلانا ہے۔ رضاکار افراد اور استعمال ہونے والے مواد کے شیڈول، پروگرام ترتیب دینے اور ہم آہنگی پیدا کرنے جیسی سرگرمیوں کے بعد آپ کے پاس VBSمیں کرنے کے لیے کسی اور سرگرمی کا وقت نہیں ہوگا۔ رضاکاروں کو بھرتی کریں اور VBS کی مختلف سرگرمیاں اپنے چرچ کے ممبران کے ذمہ لگا دیں۔ اس سے پروگرام کے بارے میں جوش (دلچسپی) میں اضافہ ہوگا اور آپ کےچرچ ممبران کو مدد ملے گی کہ وہ بچوں تک رسائی حاصل کریں۔

## بھرتی

اپنے چرچ سے جتنے زیادہ لوگ بھرتی کرسکتے ہوں ، کریں۔ VBS میں عمومی مدد کے لیے نہ کہیں بلکہ ہر فرد سے براہ راست بات کریں اور ایک مخصوص چیز کے حوالے سے مدد طلب کریں۔ بلاشبہ آپ کے چرچ میں کوئی نہ کوئی فرد ایسا ہوگا جو پڑھانے سے خوف کھاتا ہوگا لیکن دستکاریوں کے حوالے سے بچوں کی مدد کرنے میں خوشی محسوس کرے گا۔

ذیل میں کچھ کردار تجویز کیے گئے ہیں (10افراد):

- MC، "ماسٹر آف سرمنیز یعنی تقریبات کا ماہر"۔ VBS ڈائریکٹر یہ کردار ادا کرسکتا ہے
- اونٹوں والے ڈرامہ کے لیے 2 اداکار/پتلیاں، اور ایک اعلان کرنے والا فرد (کوئی ایک )
- موسیقی کا پیش رو جو بچوں کو ایکشن گانے سکھائے
- تمام بچوں کو اکٹھے مرکزی سبق پڑھانے کے لیے استاد۔ VBS ڈائریکٹر یہ کردا ر ادا کرسکتا ہے
- سٹوڈنٹ بُکس کے لیے اور بڑے طالب علموں سے بات چیت کرنے کے لیے کلاس سٹیشن ٹیچر
- دانیال سٹیشن پر ڈراموں کے لیے دانیال اور ایستھر کا کردار نبھانے کے لیے دو اداکار
- دانیال سٹیشن میں کیے جانے والے ڈراموں کی سرگرمیوں کے لیے ایک سربراہ
- دستکاری کے کام کا سربراہ
- ہلکے پھلے کھانوں کی تیاری کے لیے کوآرڈینیٹر
- گیم لیڈر

زیادہ لوگ دستیاب ہونے کی صورت میں آپ ایک سے زائد افراد کو معاون کے طور پر لے سکتے ہیں جو نوجوان طالب علموں کو مدد فراہم کریں گے، بصری و سمعی آلات کا استعمال کریں گے، موسیقی سکھائیں گے یا ہر ایک سیشن پر معاون کے طور پر کام کریں گے اور یہ سلسلہ یونہی چلے گا۔

## تربیت

اگر آپ کے رضاکاروں کو یہ معلوم ہوگا کہ وہ کیا کررہے ہیں تو اپنے حصہ کا کام کرکے بہت خوش ہوں گے۔ تربیت کے لیے ایک دن کا انتخاب کریں اور ہمارے یوٹیوب چینل پر موجود ویڈیوز کو اس مقصد کے لیے استعمال کریں۔ رضاکاروں کو VBS کے بارے میں وسیع معلومات دیں جیسا کہ شیڈول وغیرہ۔ علاوہ ازیں انہیں VBS میں ان کے کردار کے بارے میں بھی معلومات فراہم کریں۔


https://youtube.com/childrenareimportant

## مدعو کرنا اور رجسٹریشن کا عمل

ایک VBS پروگرام دوسروں کو عیسائیت میں لانے کا ایک بہترین موقع ہے۔ ذرا تصور کریں کہ کسی دن کسی فرد سے آپ کی ملاقات ہوتی ہے اور وہ آپ کو بتاتا ہے کہ وہ آپ کے VBS پروگرام کی وجہ سے یسوع مسیح کی پیروی کررہا ہے! اپنے VBS پروگرام کو صرف چرچ کے بچوں تک محدود رکھیں۔ تشہیری مواد کا استعمال کریں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ہم جماعتوں کو مدعو کریں اور کوئی بچہ جس کا دوست VBS پروگرام میں شریک ہوتا ہےاُسے انعام دیں۔ اگر آپ اپنے VBS میں شرکت کے لیے کوئی رقم وصول کرتے ہیں تو بچوں کے والدین کو مدعو کریں کہ وہ اپنے بچوں کے دوستوں کو وظیفہ دیں تاکہ وہ بھی یسوع مسیح کے بارے میں جان سکیں۔

VBS پروگرام کے آغاز سے کچھ عرصہ پہلے رجسٹریشن کا عمل مکمل کریں تاکہ آپ اندازہ کرسکیں کہ آپ کے پروگرام میں کتنے بچے شامل ہونے جارہے ہیں۔ اس طرح آپ ضروری مواد اکٹھا کر پائیں گے۔

## شیڈول




پانچوں دنوں کے لیے ایک ہی شیڈول ہے۔ آپ آزادی کے ساتھ اپنی مرضی کا شیڈول طے کرسکتے ہیں۔

دن کے آغاز کے وقت تمام طالب علم اکٹھے ہونے چاہیئں:-

آغاز (تمام طالب علم اکٹھے):

- دعا
- گیت (اختیاری)
- تالی بجائیں/توجہ حاصل کرنے کے لیے
- کیمل ڈرامہ (اونٹوں پر مشتمل ڈرامہ)
- گیت
- سبق

ہم آپ کو یہی تجویز کرتے ہیں کہ اونٹوں پر مشتمل ڈرامہ اور بنیادی سبق کے درمیان کچھ گیت مکمل کریں تاکہ طالب علموں کو ادھر اُدھر حرکت کرنے کا موقع مل سکے۔

روٹیشن سٹیشنز (جہاں بچے اپنی انفرادی سرگرمیاں سرانجام دیتے ہیں) کے لیے بچوں کو گروپس میں تقسیم کریں۔

روٹیشن (گروپس بلحاظ عمر)

- محل میں کلاس (سٹوڈنٹ بُکس)
- دانیال کے کردار پر مشتمل ڈرامہ
  - ڈرامہ۔ دانیال، ایستھر
  - سرگرمی
- سلطنت میں دستکاریاں

اس کے بعد تمام بچے اختتامی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

تمام بچے مل کر ایک بڑے گرُوپ کی شکل میں:

- ہلکے پُھلکے کھانے تیارکریں
- گیت (اختیاری)
- گیمز (کھیل) کھیلیں

دن کے اختتام پر سبق اور دعا کا مختصر سا جائزہ لیں۔

## کیمل ڈرامے (اونٹوں کے پُتلوں پر مشتمل ڈرامے)



اس VBS پروگرام میں ہر روز 2 ڈرامے ہوں گے!دن کے آغاز پر پہلے ڈرامہ میں دو اونٹوں پر مشتمل کٹھ پُتلی شو ہوگا جس میں تمام بچے اکٹھے ہوں گے۔ دِن کے دوسرے حصہ میں ، دوسرا ڈرامہ دراصل سٹیشن میں دانیال کا کردار ادا کرنے والے فرد کا انٹرویو ہوگا۔ روٹیشن سٹیشنز کے بارے میں دی گئی مزید معلومات کے سیکشن میں دانیال پر ڈراموں کے بارے میں مزید پڑھیئے۔

روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے کٹھ پتلی شو جس میں دو دوست اونٹ حصہ لیں گے ، کے بارے میں جاننا آپ کے بچے کو اچھا لگے گا! ان اصل ڈراموں کو ترتیب دینے کا مقصد ہر سبق کے بنیادی نکات کی وضاحت کرنا ہے۔ اس کے لیے آپ کو اونٹوں کے دو پُتلے (یا اداکار) اور سٹیج کے پس پردہ اعلان کرنے والا (آواز) دینے والا فرد ضرورت ہوگا۔

- کیملوٹ: احمق سا اُونٹ جو تنگ کرنا پسند کرتا ہے، بدبودار سا ہے اور ہمیشہ بھوکا ہوتا ہے۔
- کیمیلیا: اونٹنی جو قدرے غیر محفوظ ہوتی ہے لیکن خدا سے محبت کرتی ہے، نسوانی اشیا پسند کرتی ہے اور رقص کرنا پسند کرتی ہے۔

- اعلان کرنے والا/منادی کرنے والا

آپ کرداروں کو تبدیل کرنے ، مزاحیہ چیزیں شامل کرنے اور ان ڈراموں کو اپنی ضروریات کے مطابق ڈھالنے میں آزاد ہیں۔ برائے مہربانی نوٹ فرمائیں کہ بچوں کی توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت تقریباً 8منٹ ہوتی ہے جس کا انحصار ان کی عمر پر ہوتا ہے (تقریباً ایک منٹ/سال)۔ ڈرامہ کو اسی دورانیہ کے اندر مکمل کریں۔ اس سے بچے پورے ہفتے کے ڈراموں کے انتظار میں رہیں گے (دلچسپی لیں گے)۔ علاوہ ازیں تفریح (ہلا گُلا) کرنا نہ بھولیں!

ہمارے سادہ خاکوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنے لیے اُونٹوں کے پتلے بنائیں۔ VBS کے لیے آپ یہ خاکے ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں، ایک پتلے کو چلانے کے حوالے سے ایک مختصر ہدایاتی ویڈیو یہاں ملاحظہ فرمائیں: https://youtu.be/G7NWA7VUZAI

## توجہ مبذول کرانے والے


ہر روزانہ ہم نے حاضرین کی توجہ حاصل کرنے کے لیے ایک سرگرمی فراہم کی ہے۔ ہر بار جب بھی آپ سبق کا عنوان پڑھیں گے ۔ مثال کے طور پر "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے"، تو طالب علم اس جملے کو دہراتے ہیں اور اس دوران سرگرمیاں سرانجام دیتے ہیں۔ دن کے آغاز میں بچوں کو توجہ مبذول کرانے والے (جملے) پڑھائیں، پورا دِن انہیں کئی بار دہرائیں اور پچھلے دنوں کی سرگرمیوں کو دہرائیں۔ سرگرمیوں (ایکشنز) سے متعلق وضاحت کے لیے یوٹیوب پر ہماری ویڈیوز دیکھیں۔

"روٹیشن سٹیشنز" آپ کے VBSکو ترتیب دینے کا ایک طریقہ کار ہے تاکہ تمام بچوں کی طرف سے بیک وقت دستکاری کا کام شروع کرنے پر آپ کو ان سب بچوں کے لیے بہت زیادہ گلُو، پنسلوں وغیرہ کی ضرورت نہ پڑے۔ بچوں کو تین یا اس سے زائد گروپس میں تقسیم کریں اور باری باری مختلف سرگرمیاں کروائیں۔ مثال کے طور پر "ایڈوانس" اور "ڈیفیکلٹ" گروپ سے دستکاری کروائیں جب کہ "میڈیم" گروپ سے سٹوڈنٹ بُک پر کام کروائیں اور "اِیزی گروپ" کو "دانیال کے کردار پر مشتمل ڈرامہ" کے سٹیشن پر سرگرمیوں میں مصروف کردیں۔ ہر سٹیشن کو تقریباً 20 منٹ کے دورانیہ کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر یا کوئی بھی فرد جسے ان سٹیشنز کی نگرانی پر مامور کیا جاتا ہے، وقت پر نظر رکھتا ہے اور جب گروپس کو روٹیٹ (تبدیل) کرنے کی ضرورت ہوتو اس کا اعلان کرتا ہے۔


اگر جگہ ہو تو ایک ہی سرگرمی کو ایک ہی جگہ پر کریں اور بچوں کو ہر 20منٹ بعد روٹیٹ کرتے رہیں (ان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے رہیں)۔ اس سے بچوں کو کچھ دیر کے لیے کھڑا ہونے اور ادھر اُدھر حرکت کرنے کا وقت مل جاتا ہے۔ اگر جگہ زیادہ نہ ہو تو بچوں کو اُن کی جگہ پر ہی رہنے دیں اور ان کی سرگرمیوں کو تبدیل کرتے رہیں۔ مختلف سرگرمیوں کے درمیان انہیں کھڑا ہونے، جسم کو سیدھا کرنے یا نشستیں تبدیل کرنے کی اجازت دیں تاکہ انہیں حرکت کرنے کا موقع ملے۔

**مثال:**

**پہلے 20 منٹ**




**دوسرے 20منٹ**




اگر آپ کے پاس جگہ کافی ہے تو بچوں کی عمر کے لحاظ سے بنائے گئے 4مختلف گروپس کے لیے گیمز (کھیلوں) کو ایک اور روٹیشن سٹیشن کے طور پر شامل کریں۔ روٹیشن سٹیشنز پر سرگرمیوں کے درمیان کسی وقت ہلکے پھلکے کھانے کا شیڈول رکھیں۔

ایک بار شیڈول طے کرنے اور مختلف سرگرمیوں کے سٹیشنز کے مقام کا تعین کرنے کے بعد، روزانہ اسی شیڈول کو برقرار رکھیں۔ بچے بہت جلدی سیکھیں گے او ر اساتذہ کے بتانے سے پہلے انہیں معلوم ہوگا کہ اس (سرگرمی) کےبعد کس جگہ جانا ہے۔ 😉

پیلس سٹیشن میں کلا س کے لیے ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں میزیں اور بینچیں وغیرہ موجود ہوں۔




## پَیلس میں کلاس

**پہیلیاں**

اس سٹیشن میں، طالب علم سٹوڈنٹ بُکس میں شامل پہیلیوں پر کام کرکے لطف اندو ز ہوں گے۔ ہماری کتابیں درج ذیل عمر کے حامل بچوں کے لیے ترتیب دی گئی ہیں:

ایزی۔ 6-4 سال
میڈیم۔ 9-7سال
ڈیفیکلٹ۔ 12-10سال
ایڈوانسڈ۔+13سال

**ہُوم ورک**

کیمل ایڈونچرز VBS میں، ہر سبق میں گھر میں کرنے کے لیے ایک چھوٹا ساکام (اسائنمنٹ) ہے تاکہ سبق کو اس دن عملی شکل دی جاسکے۔ بچوں سے پوچھیں کہ آیا انہوں نے پچھلے دن ذمہ لگائے گئے ہُوم ورک (اسائنمنٹ) کو مکمل کیا ہے یا نہیں۔ اس کے بعد آج کے دن کی اسائنمنٹ کو مکمل کرنے کے حوالے سے مخصوص طریقوں پر کام کریں۔

جیمز 1:22 "کلامِ مقدس کو نہ صرف سُنیں بلکہ اس پر عمل بھی کریں، ورنہ آپ اپنے آپ کو فریب دیں گے۔"


**سوالات پر بحث کریں**

جوں جوں بچے بڑے ہوتے ہیں، وہ زندگی کی پیچیدگی کو دیکھنا شروع کردیتے ہیں اور وہ انجیل مقدس کی کہانی سے جو کچھ سیکھتے ہیں اس کا اپنی زندگی پر اطلاق کرنے میں مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ اس وجہ سے ، ہم نے بڑے طالب علموں کے لیے ایک سوالات وجوابات کا سیکشن فراہم کیا ہے تاکہ ان کے سوالات کے حوالے سے مدد فراہم کی جاسکے اور سبق کا ان کی عملی زندگی پر اطلاق کیا جائے۔ مثال کے طور پر جوابات فوری طور پر نہ دیں بلکہ طالب علموں کو خود سے سوچنے کا موقع دیں اور جو کچھ انہوں نے سیکھا اسے بہتر طور پر یا د رکھنے کا موقع دیں۔ اگر ممکن ہو تو ان کے سوالوں کے جوابات بالکل نہ دیں بلکہ اس ضمن میں ہونے والی بات چیت میں رہنمائی فراہم کریں تاکہ وہ خود سے نتیجہ اخذ کریں۔ انہیں صرف انجیل مقدس کے حقائق کے عملی زندگی پر اطلاق کے بارے میں نہیں بلکہ آج کل کے وقت پر بھی ان کے اطلاق کے بارے میں سوچنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اپنی کلاس میں اعتماد کا ایک ماحول پیدا کریں تاکہ طالب علم غلطی پر ہونے کے خوف کے بغیر اپنی سوچ و فکر کے بارے میں بے خوف ہوکر اظہار کرسکیں۔ اگر طالب علم ان سوالات کے ایمانداری اور ذاتی سوچ پر مبنی جوابات دیں گے تو ان کی نشونما اور ذہنی پختگی زیادہ بہتر ہوگی۔

## دانیال کے کردار پر مشتمل ڈرامے



اس سٹیشن پر 2 سرگرمیاں ہوں گی جن کا وقت تقریباً اتنا ہی ہوگا جتنا کہ دیگر سٹیشنز پر ہونے والی سرگرمیوں کا۔ پہلی سرگرمی دانیال پر ڈرامہ ہےپھر اس کے بعد سبق کے عملی اطلاق میں مدد کی سرگرمی ہوگی۔ انجیل مقدس کے کرداروں اور ہمارے دوستوں دانیال اور ایستھر سے مل کر بچے بہت زیادہ لطف اندوز ہوں گے۔ کردار ادا کرنے والے رضاکار اداکاروں کو لباس زیب تن کرنے کےمزاحیہ طریقے ڈھونڈیں۔ دانیال بابلونیہ (بابل) ، وسطانیہ اور فارسی سلطنتوں کا ایک اعلیٰ درجہ کا عہدیدار ہے۔ ایستھر فارسی سلطنت کی ایک خوبصورت ملکہ ہے۔ ہم نے ڈرامے کے لیے کچھ تحریر فراہم کی ہے۔ آپ حسب ضرورت ڈرمے میں تبدیلی یا اسے استاد کے ساتھ ایک انٹرویو میں تبدیل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس لوگوں کی زیادہ تعداد موجود ہے تو آپ سدرک ، میسک یا عبدنجو یا بادشاہ نیبو چاڈنیزار کے کرداروں کو بھی مدعو کرسکتے ہیں۔



اس سٹیشن پر ڈرامہ کے حصہ کے بعد، بچوں کے ساتھ سرگرمی کریں۔ سرگرمی ایک تفریحی طریقہ کار ہے جو بچوں کو پڑھایا جانے والا سبق ان کی عملی زندگی میں شامل کرنے میں مدد دے گا۔ ہر سرگرمی اس دن کے سبق پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس سرگرمی سے متعلق سب سے اچھی چیز یہ ہے کہ یہ نہ صرف تفریح ہوتی ہے بلکہ طالب علموں کے لیے یہ سیکھنے کا موقع ہوتا ہے کہ مختلف صورتوں میں وہ کیا سوچیں اور کریں گے۔



## سلطنت میں دستکاریوں کا کام

سلطنتوں کے سٹیشن (ایمپائرز سٹیشنز) میں دستکاریوں کے کام سے لطف اندوز ہوں گے۔ اس سٹیشن پر آپ سادہ دستکاریوں پر آرٹ ورک کے ذریعے تخلیقی سرگرمیوں کی مشق کریں گے۔ ہر دستکاری چھوٹے اور بڑے بچوں کے لیے یکساں طور پر ڈیزائن کی جاتی ہے۔ ہر بچہ دستکاری پر ڈیزائن بنانے اور اسے ایک انفرادی اثر دینے سے لطف اندوز ہوگا۔




## گارڈن گیمز

ایک VBS ، گیمز کے بغیر مکمل نہیں ہوگا! اس سٹیشن میں آپ کو انرجی سے بھر پور شاندار گیمز (کھیل) دیکھنے کو ملیں گے۔ بچے ان سے لطف اندوز ہوں گے ۔ علاوہ ازیں انہیں کھیلنا بھی بہت آسان ہے۔ ان کھیلوں کے لیے سادہ اور کم قیمت مواد کی ضرورت ہوتی ہے جسے آسانی سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس تفریحی VBS میں ان گیمز سے لطف اندوز ہوں۔



## رائل بینکوئٹ

اس سٹیشن میں آپ صحت افزاء، مزیدار اور پُر لطف ہلکے پھلکے کھانے پیش کرسکتے ہیں جو ہر سبق کے لحاظ سے مطابقت رکھتےہوں۔ آپ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ کسی بھی جزو کو تبدیل کرکے اس کی جگہ کوئی ایسا جز و استعمال کرسکتے ہیں جو بآسانی دستیاب ہو اور سستا بھی ہو۔ اس طرح کے کھانے کھانا نہ صرف پُرلطف ہوتا ہے بلکہ یہ بچوں کو سبق کا اطلاق کرنے میں مدد دینے کے لیے ایک اور تفریحی سرگرمی ہے۔

# اضافی تصورات




ایکٹیوٹی وہیل

ایک وہیل بنائیں جس پر آپ وہ جملے (عبارات) تحریر کرتے ہیں جنہیں بچوں نے عملی جامہ پہنانا ہوتا ہے۔ اسے کمرے میں کسی جگہ رکھ دیں ، یہ بچوں کے لیے موثر سجاوٹ ہوگی!



گتے سے بنا اُونٹ

آپ بچوں کی میزوں اور کام کرنے کی بینچوں کو سجانے کے لیے بہت سے چھوٹے چھوٹے اونٹ بنا سکتے ہیں۔

اینٹوں کی طرح کا منظر

محل کی دیواروں کو سجانے اور ان پر نمونہ جات کے لیے اینٹوں کی دیواریں۔







بھٹی

کمرے کی سجاوٹ کے حصہ کے طور پر سبق 2 کے لیے گتے کے بنے ہوئے ڈبے سے ایک بھٹی بنائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بچوں کے لیے تفریح کا ذریعہ بھی ہوگا۔

محل میں رات کا کھانا

آپ بچوں کو تاج پہنا سکتے ہیں اور میزوں پر کپڑا بچھا کر انہیں سجا سکتے ہیں۔ شاندار ہلکا پھلکا کھانا کھاتے ہوئے بچوں کو ایسا محسوس ہوگا کہ وہ محل میں بیٹھ کر کھانا کھارہے ہیں۔



تصویری فریم

تصاویر کے لیے ایک جگہ مختص کریں تاکہ بچے سیلفی لے سکیں۔





## بادشاہ کا تخت

ایک کرسی کو تخت کی طرح سجائیں۔



## تکون نما سجاوٹی اشیاء

اپنے طالب علموں کے ساتھ مل کر تکون نما دستکاریاں بنائیں اور انہیں پورے کمرے میں اصل سجاوٹی اشیا کے طور پر لگا دیں۔



## شیر کے رہنے کی جگہ (کھوہ)

شیر کے رہنے کی جگہ کو سجانے کے لیےکاربورڈ (گتہ) کی دیواروں کو سرمئی یا بھورے رنگ کے کاغذ سے سجائیں۔ پچھلی جانب، شیروں اور ایک آدمی کی تصویر چسپاں کریں جو دانیال کی نمائندگی کرے۔ اس طرح ، سبق نمبر 5 کے لیے آپ کا شیر کا گھر (رہنے کی جگہ) تیار ہوجائے گی۔ یہ آپ کے کمرہ جماعت کو سجانے کا حصہ ہوگا اور آپ اسے کسی سرگرمی کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔





## کا غذی باغ

شہر بابل کے معلق باغات کمرہ جات کو سجانے کے لیے ایک رجحان (نمونہ) اور خاص ماحول کے طور پر لیے جاسکتے ہیں۔ بچے ایسا محسوس کریں گے کہ وہ شہر بابل میں ہیں!



## کاغذی آگ

رنگ دار قالین یا کمبل فرش پر دائروی شکل میں بچھائیں، پھر اُن پر تکیے رکھیں اور درمیان میں کاغذی آگ رکھ دیں۔ اس جگہ کو استعمال کرتے ہوئے آپ مداحوں کو اس شاندار VBS "کیمل ایڈونچرز" پروگرام کے بارے میں آگاہ کریں۔



# 1.بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے

## دانیال 1: ایک نیا گھر اور سکول

### توجہ مبذول کرانے والا /تالیاں 1

"بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے"

1. "بہادری" = مُٹھی بنا کر موڑنے کے انداز میں بازؤں کو کھڑا کریں
2. "خدا کو دیتی ہے" = دو بار تالی بجائیں
3. "ترجیح" = آسمان کی طرف اشارہ کریں

### زبانی یاد کرنے کی آیت 1

رُومِیوں.2:12

اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔

### ڈرامہ 1: اُونٹ دوڑ

کیمیلیا (اونٹنی) منظر پر آتی ہے: بہت خوب، ان تمام اونٹوں کو دیکھیں! میں ایک بڑی دوڑ دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ اوہ، یہ بُو کس چیز کی ہے؟

کیملوٹ (اونٹ) منظر پر آتا ہے: معذرت، میں آج خوشبو لگانا بھول گیا۔ یہ تیز (چھبنے) والی ہوسکتی ہے۔ میڈم (محترمہ) آپ کا نام کیا ہے؟

کیمیلیا: میں کیمیلیا ہوں۔ اور جناب آپ کون؟

کیملوٹ: کیملوٹ ہوں، دوڑ کے لیے تیار ہوں! میں پورا سال مشق کرتا رہا ہوں: دوڑنا ، دوڑنا، دوڑنا اور صرف دوڑنا (ہانپتا ہے!) اور سیر کرنا اور دوڑنا ور اگلے ہفتے کچھ پانی پینا اور دوڑ سے متعلقہ تصاویر کو گوگل پر دیکھنا اور دوڑنا اور دوڑنے سے متعلق خواب دیکھنا اور دوڑنا....

کیمیلیا: بہت خوب، یہ تو بہت زیادہ دوڑ ہے! آپ کی کمر پر کیا ہے؟

کیملوٹ: ساتھی روبوٹ اور میں نمبر 7 ہیں، آپ نے دیکھا؟ لیکن میں اندازہ نہیں لگا سکتا کہ میرا روبوٹ مجھے میرے مالک کی طرح کیوں محسوس ہوتا ہے۔ ارے، میں نے کچھ بڑے اونٹوں کو ایک گولی کے بارے میں بات کرتے سنا ہے جو طاقت فراہم کرتی اور تیز بھاگنے میں مدد دیتی ہے۔ میرے خیال میں اسے ایک...... سریڈائڈ کہتے ہیں؟ بلیفائڈ؟ زیفالاپائیڈ؟ ( کیملوٹ لفظ سٹیرائیڈ کی غلط ادائیگی کرتا ہے۔) تھوڑی بہت ڈنڈی مارنے سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا۔ کیا کسی کو نقصان پہنچتا ہے؟ مجھے نہیں پکڑا جاسکے گا...... میں بہت تیز دوڑتا ہوں، ہاہاہاہا!

کیمیلیا: لیکن یہ دوسروں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ اپنی پوری کوشش کریں اور خدا کی پیروی کرتے ہوئے اس کو ترجیح دیں اور دوسروں کے ساتھ منصفانہ رویہ اختیار کریں ۔ علاوہ ازیں، چاہے آپ جیتیں یا ہاریں، خدا آپ کے ساتھ ہوگا۔ کیا یہ سب سے بڑی جیت نہیں ہے؟

کیملوٹ: (آہ) آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ خُوب، مجھے شروعاتی لائن کی طرف دوڑنا ہے! (سٹیج چھوڑتا ہے، لڑکھڑاتا ہے اور گر جاتا ہے) میں ٹھیک ہوں!

کیمیلیا: امید ہے کہ یہ دوڑ اچھی رہے گی! (کیمیلیا سٹیج پر کھڑے ہوکر اپنے دوست کی حوصلہ افزائی کرتی ہے)

اعلان کرنے والا: اور یہ دوڑ شروع ہوئی! نمبر 3 سب سے آگے ہے، اس کے بعد نمبر 1 ہے۔ اور یہ رہا نمبر27 ! نمبر 3 اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے کے لیے کوشش کررہا ہے۔ صرف 100 میٹر کی دوڑ باقی رہ گئی ہے--- نمبر 27 نمبر 3 سے آگے نکل گیا ہے اورررررر نمبر 3 یہ دوڑ جیت گیا! دوسرے نمبر پر 27 جب کہ اس کے ساتھ تیسرے نمبر پر نمبر1 والا اونٹ رہا!

کیملوٹ ہانپتا ہوا داخل ہوتا ہے۔

کیمیلیا: آپ سب ٹریک پر بہت تیزی سے دوڑ رہے تھے! یہ دوڑ دیکھنا بہت حیران کن تھا۔ کیسی رہی یہ دوڑ؟

کیملوٹ: میں تو جیتنے کے قریب تک بھی نہیں تھا۔ میں چوتھے نمبر پر رہا۔

اعلان کرنے والا: ٹھہریئے! رپورٹ میں بہت زیادہ رخنہ آیا ہے جس کے مطابق کچھ اونٹوں نے کارکردگی میں اضافہ کرنے والی ادویات کا استعمال کیا ہے۔ نمبر 3، نمبر 27 اور نمبر1 والے اونٹ نا اہل قرار دیئے جاتے ہیں! نمبر 7 اس دوڑ میں جیتا ہے!

کیمیلیا: کیملوٹ، تم جیت گئے!

کیملوٹ: بہت خوب!! کیمیلیا، میری مدد کرنے پر آپ کا بہت شکریہ۔ میں نے اپنی ایمانداری تقریباً کھو دی تھی لیکن اب میں یہ جان کر بہت خوش ہوں کہ میں نے دوڑ میں اس طریقے سے حصہ لیا جو خدا کی تعظیم و تکریم کے مطابق تھا۔ اخاہ! میں بہت پیاسا ہوں! (اپنی ناک سٹیج کے پیچھے ڈبوتا ہے اور ایک چھوٹا سا گھونٹ بھرتا ہے)۔ آہ یہ پانی اس ہفتے کے لیے کافی ہے۔ اب مجھے بھوگ لگ رہی ہے۔

### مرکزی (بنیادی) سبق نمبر 1

اس VBS میں خوش آمدید جس میں ہم سیکھیں گے کہ خدا کے لیے کس طرح بہادری دکھائی جائے! بہت عرصہ قبل اسرائیلیوں کو قیدی بنا لیا گیا تھا اور بادشاہ نیبو چاڈ نیزر کی طرف سے شہر بابل میں لایا گیا تھا۔ کس قدر تکلیف دہ چیز ہے ! کہ خدا کے بندے ایک ایسے پرائے دیس میں ایسے لوگوں کے درمیان رہ رہے تھے جو خدا کو نہیں جانتے تھے۔ اسی طرح، ہم ایک ایسی دنیا میں رہتے ہیں جہاں لوگ خدا کو نہیں جانتے یا پھر اس کے احکامات پر عمل کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ لیکن خدا بابل شہر میں اسرائیلیوں کے ساتھ تھا اور ان کے لیے حیران کن چیزیں سرانجام دیں؛ اسی طرح، وہ خدا اس بدعنوان دنیا کے خلاف ہمارے ساتھ ہے۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"

کیا سکول میں آپ کو کبھی گالیاں دی گئیں، یا کیا آپ نے کبھی دیکھا کہ کسی کو گالیاں دی جارہی ہوں؟ کیا آپ کے اساتذہ نے کبھی آپ کو ایسی چیزیں سکھائی ہیں جو ہمارے خدا کے خلاف ہوں؟ کیا کبھی لوگوں نے آپ کو مجبور کیا کہ آپ غلط کام کریں؟ بابل شہر میں بھی یہی کچھ ہوا۔ بادشاہ نیبو چاڈنیزر نے بنی اسرائیل کے بہترین نوجوانوں کا انتخاب کیا اور انہیں بابل یونیورسٹی میں داخل کیا تاکہ وہ سیکھ سکیں کہ بادشادہ کے لیے خدمات کیسے سرانجام دی جائیں۔ ان نوجوانوں میں دانیال، ہنانیہ، مشیل اور عزاریہ شامل تھے۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"

بادشاہ نے ان کے نام تبدیل کردیئے اور انہیں ایسے تصورات پڑھائے جو خدا کے قوانین سے مختلف تھے۔ بادشاہ نے انہیں مختلف غذا دی۔ ان نوجوانوں نے اُن کی طرف سے گالیاں دیئے جانے کو برداشت کیا اوران کے اساتذہ کو صبر کے ساتھ سنا لیکن غذا کے معاملے میں وہ ڈٹے رہے کیوں کہ وہ خدا کے احکامات کی براہ راست نافرمانی تھی۔ اسی طرح، دنیا کوشش کرتی ہے کہ ہم جھوٹ بولیں، دھوکہ دیں، چوری کریں ، دوسرے لوگوں کے ساتھ کمینہ پن کا مظاہرہ کریں ، اور خدا کے علاوہ دیگر چیزوں کی حفاظت کریں۔ خدا نے ہمیں بتایا ہے کہ ہم ایسا کوئی کام نہ کریں اور دنیا کے دباؤ کے باوجود ہمیں خدا کا حکم ماننے کی ضرورت ہے۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"


دانیال اس لحاظ سے سمجھدار تھا کہ وہ اپنے موقف پر ڈٹا رہا۔ اس نے اپنے انچارج سے کہا کہ وہ 10دن کے لیے غذا کی جانچ کرے تاکہ دیکھا جائے کہ آیا وہ اثر رکھتی ہے یا نہیں۔ آپ اپنے موقف ڈٹے رہنے اور خدا کی پیروی کرنے کے حوالے سے حکمت اپنے خداسے طلب کرسکتے ہیں۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"

کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد یہ سب نوجوان بادشاہ کی خدمت پر مامور ہوئے اور حکومت اور انتظامیہ میں کام شروع کردیا۔ انہوں نے اس قدر شاندار کاکردگی کا مظاہرہ کیا کہ انہیں سلطنت میں اعلیٰ عہدوں پر فائز کردیا گیا جہاں وہ تمام لوگوں کے لیےچیزوں کو بہتر کرنے کا کام سرانجام دے سکتے تھے۔ یسوع مسیح ؑ کہتے ہیں کہ ہم جو خدا پر یقین رکھتے ہیں، دنیا کے لیے روشنی ہیں۔ خدا آپ کو ایسا مقام عطاکرنےجارہا ہے جہاں سے آپ بہتر انداز میں دنیا کو اُس کی روشنی دکھا سکتے ہیں چاہے آپ سیاست، کاروبار، انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی، طب، گھر میں بچوں کو پالنے، کھیل، پاسٹورل منسٹری (چرچ اور وہاں کے لوگوں کی دیکھ بھال)، مشنریز، معلم یا انتظامیہ کے شعبہ میں جائیں۔ خدا آپ کو ابھی سے یعنی سکول اور گھر میں اور آپ کے پڑوس میں آپ کو کام میں لاتے ہوئے دنیا کو دوسروں کے لیے بہتر کرنے کا کام لے گا۔ قطع نظر اس سے کہ آپ کیا کرتے ہیں، پہلی ترجیح خدا کو دیں اور ہر صورت اس کے احکامات پر عمل کریں۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"

# روٹیشن سٹیشنز

## گارڈن گیمز (ایمپائر 1)

دِل




*اشیا*

*بل دار پٹی، 50 سینٹی میٹر
*کاغذ سے بنا ہوا دل
*انجیلِ مقدس کی آیات پر مشتمل بینر
*گلُو (گوند)
*رنگ


*ہدایات*


*(کاغذ کو کاٹ کر) دِل اور جھنڈا بنائیں۔ اپنے پسندیدہ رنگوں کی مدد سے انہیں رنگ کریں۔
*پٹی کے دونوں کونوں کو گوند کی مدد سے دل کی پچھلی جانب جوڑ کر ایک لوپ (دائرہ) سا بنائیں۔ پٹی کے درمیان میں گوند کی مدد سے جھنڈے کو جوڑ دیں۔

## پَیلس میں کلاس (محل 1)











| | |
|---|---|
| 5 | 1 |
| 14 | 4 |
| 6 | 7 |
| 12 | 11 |
| 8 | 13 |
| 9 | 2 |
| 10 | 3 |







## سوالات اور جوابات 1

**1. کون سے غلط کام (گناہ) "ٹھیک" دکھائی دیتے ہیں کیوں کہ "یہ گناہ سب کرتے ہیں"؟**

مثالیں: ٹافی چوری کرنا، کوڑا کرکٹ پھینکنا، سزا سے بچنے کے لیے جھوٹ بولنا، ایسے وعدے کرنا جو آپ پورے نہیں کرسکتے۔

**2. شاہی دربار میں کام کرنے والے افراد کے سربراہ نے ان لڑکوں کا انتخاب کیوں کیا؟ خدا نے اُن میں ایسا کیا مختلف دیکھا جو لوگوں نے ان میں نہیں دیکھا تھا؟**

وہ بنی اسرائیل کے لوگوں میں سب سے بہترین اور ہوشیار تھے - دانیال 4-1:3۔ خدا نے ان کو اپنے ساتھ وفادار پایا۔ خدا نے انہیں صلاحیتیں عطا کیں۔ دانیال 1:17

**3. خدا نے آپ کو کیا عطا کیا ہے؟**

مثالیں: گیلیشیئنز 23-22 :5 روح القدس، صلاحیتوں، خوبیوں، وراثت کا پھل۔

**4. "خدا کو ترجیح دینا" کیسا معلوم ہوتا ہے؟**

مثالیں: اعتراف اور اعادہ، دوسروں کے ساتھ مصالحت، دوستوں کی بجائے خدا کے احکامات کی پیروی کرنا۔

**5. کہانی میں جن لوگوں کا ذکر کیا ہے وہ کون تھے؟**

جواب: بادشاہ نیبو چاڈنیزر، دانیال، ہنانیہ، میسائل اور عزریاہ ( یا بیل طَشضَر، سدرک، میسک اور عبدنجو)

## اسائنمنٹ 1

کسی ایسی چیز کو تصورمیں لائیں جس کی وجہ سے آپ کو خدا کے احکامات پر عمل کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ خدا سے مدد طلب کریں، پھر پورا اس کے احکامات پر عمل کریں۔




## دانیال کے کردار کے ساتھ ڈرامے 1

ٹیچر: یہ امر کس قدر دلچسپ ہے کہ سلطنت میں اعلیٰ افسر کے عہدہ پر ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ مصروفیات کے باجود دانیال نے ہمارے لیے وقت نکالا تاکہ وہ ہمیں اپنی زندگی کے بارے میں بتا سکے۔ برائے مہربانی سب دانیال کو خوش آمدید کہیں۔

دانیال: سب کو آداب۔ میں دانیال ہوں اور آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔ یہ جان کر میں بہت پُر جوش تھا جب میرے اسسٹنٹ نے مجھے بتایا کہ آج ہم نے طالب علموں سے بھر پور کلاس میں انٹرویو دینا ہے۔ آپ بہت زیادہ باصلاحیت ہیں! آپ کو اندازہ نہیں کہ خدا نے آپ کے اندر کس قدر حیران کن چیزیں (صلاحیتیں) بھر دی ہیں۔ مجھے کوئی اندازہ نہیں تھا کہ خدا نے میرے لیے کیا منصوبے بنا رکھے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں۔۔۔
جب میں جوان تھا تو میں اور میرے دوست اسرائیل میں رہتے تھے۔ ہم خدا کے بندے تھے لیکن بنی اسرائیل کے بہت سے لوگ ایسے جھوٹے خداؤں کی عبادت کررہے تھےجو سن یا بول نہیں سکتے تھے اور نہ ہی کچھ کر سکتے تھے۔ میرا تعلق ایک معزز (شریف) گھرانے سے ہے، اور ہم نے بادشاہ نیبو چاڈنیزر جو ہمارے مشرق میں واقع ممالک کو فتح کرتا آرہا تھا، کے بارے میں ساری خبریں سنی تھیں۔ ہماری کمیونٹی کے سربراہان مسلسل یہی کہتے رہے، "بلاشبہ ہمیں فتح نہیں کیا جاسکے گا۔" وہ جھوٹے پیغمبروں کی باتیں سن رہے تھے جن کا دعوٰی تھا کہ آپ چاہے کچھ بھی کریں خدا آپ کی حفاظت کرے گا اور مزید یہ کہ آپ خدا کی نافرمانی کرسکتے ہیں اور اپنی مرضی کے مطابق کچھ بھی کرسکتے ہیں۔ جیریمیہ اور کچھ دیگر یہ کہتے رہے کہ بادشاہ نیبوچاڈنیزر ہمیں فتح کرلے گا اور جلاوطن کردے گا۔ میں نے یہی تصور کرلیا کہ یا تو ہم مرجائیں گے یا پھر غلام بن جائیں گے۔۔۔اس وقت میرے تعجب کا اندازہ کریں جب وہ مجھے اور میرے کچھ دوستوں کو بابل شہر کی یونیورسٹی میں لے گئے! ہم نے تین سالہ ڈگری کے لیے تعلیم حاصل کرنا تھی اور بادشاہ کےلیے خدمات سرانجام دینی تھیں۔ خدا نے ہمیں جس صورت حال میں بھی ڈالا تھا اس میں ہم نے بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کی۔ بعض اوقات ہمیں بہت مشکل پیش آتی تھی، مثلاً جب انہوں نے ہمارے خدا کے عطا کردہ ناموں کو تبدیل کرکے جھوٹے خداؤں کے نام پر رکھ دیئے۔ مثال کے طور پر میرا نیا نام بیل طشضر۔ شروع میں تو میں اس کی ادائیگی بھی نہیں کرسکتا تھا۔لیکن جب انہوں نے ہمیں وہ کھانا کھانے کا کہا جو ہم نہیں کھاسکتے تھے ، تو ہم نے فیصلہ کیا کہ یہ حد سے تجاوز کرنے والی بات ہے۔ قطع نظر اس سے کہ ہم کہاں تھے، ہم نے خدا کو ترجیح دینے اور اس کے احکامات بجالانے کا فیصلہ کیا چاہے ہم اکیلے ہی کیوں نہ ایسا کررہے ہوں۔ جو آدمی ہماری دیکھ بھال پر مامور تھا وہ ہماری غذا (خوراک) بدلنے سے خوف زدہ تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ کچھ دن کے لیے کوشش کرے، اور یہ طریقہ کارگر ثابت ہوا! خدا ہمارے ساتھ تھا اور اس نے ہماری مدد کی۔ ہم دوسرے جوانوں کی نسبت زیادہ صحت مند تھے اور خدا نے ہماری مدد کی جس کی وجہ سے ہم نے تعلیم میں بہتر کارکردگی دکھائی۔ تعلیم مکمل ہونے کے بعد بادشاہ نے ملازمت کے لیے ہمارا انٹرویو لیا۔ مجھے اس وقت وہ واقعہ یاد آیاجب میری فیملی پوری شان وشوکت اور پروٹوکول کے ساتھ اسرائیل کے بادشاہ سے ملنے گئی، لیکن بابل میں پروٹوکول قدرے مختلف تھے۔ بہر حال، بادشاہ نے ہماری خدمات لینے کا فیصلہ کیا اور ہم تب سے حکومت (سلطنت) میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

ٹیچر: کیا اس سب کے بیچ آپ جانتے تھے کہ آپ حکومت میں ایک اعلیٰ افسر بن جائیں گے؟


دانیال: جی نہیں، بالکل بھی نہیں۔ کوئی بڑا آدمی بننے کی کوشش نہ کریں بلکہ خدا کو ترجیح دیں اور پوری دیانتداری اور شاندار طریقے سے اپنا کام کرتے رہیں۔ لوگ دیکھیں گے، اور خدا بھی ۔

ٹیچر: دانیال! آپ کے تشریف لانے کا بہت شکریہ! مجھے معلوم ہے کہ سلطنت (حکومتی) میں آپ بہت زیادہ مصروف رہتے ہیں۔ آپ سے کل ملاقات ہوگی۔

## سرگرمی 1

ترجیحات

بچوں کو ایک کاغذ دیں جس پر وہ اس طرح کی مخروطی شکل بنائیں جو مثال کے طور پر دی گئی تصویر میں موجود ہے اور پھر اس مخروط میں اپنی زندگی کی سرفہرست پانچ ترجیحات تحریر کریں۔ پہلی ترجیح تحریر کرنے سے پہلے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خدا کو اولین ترجیح دیں۔ انہیں خدا کے بارے میں انجیل مقدس کے فرمان کی یاد دہانی کروائیں ( وہ ہمارا بچانے والا، رہنما اور ہماری طاقت ہے، اور یہ کہ وہ بہت اچھا ہے اور ہم جیسے بھی ہیں وہ ہم سے محبت کرتا ہے وغیرہ)۔ اس کے بعد بچے اپنی ترجیحات تحریر کرکے دوسروں کے ساتھ انہیں شیئر کرسکتے ہیں۔







## رائل بینکوئٹ 1

### ***سینڈوچ کراؤن***

***اجزاء:***

- ڈبل روٹی کا ایک حصہ
- کاغذ
- چاقو
- آ پ کی اپنی مرضی کی چیز کی بھرائی (خنزیر کی ران کا گوشت، سبزیاں یا میٹھا مربہ)



*ہدایات:*

1. کاغذ کو استعمال کرتے ہوئے تاج کا سانچہ بنائیں
2. ڈبل روٹی کے دو ٹکڑوں کی مدد سے اور اپنی مرضی کے بھرائی مواد سے سینڈوچ بنائیں
3. کاغذ سے بنے تاج کے سانچہ کو سینڈوچ پر رکھیں اور سینڈوچ کو تاج کی شکل میں کاٹیں۔

*تیار ہوجائیے! ہم اب اپنی پہلی شاہی ضیافت سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں!*




## سلطنت میں دستکاریوں کا کام (گیمز) 1

*دنیا کے لیے روشنی کا ذریعہ بننا*



کلاس کو دو ٹیموں میں تقسیم کریں۔ کسی موٹی چیز اندر ایک روشن بلب کو چھپائیں جس میں اس کی روشنی نظر نہ آئے ( احتیاط کریں کہ آگ لگنے کا خطرہ نہ ہو)۔ پھر، کمرے کی مرکزی روشنی کو بند کریں اور دونوں ٹیموں میں سے ایک ایک بچے کو روشنی کی تلاش کرنے کی اجازت دیں۔ دوسرے بچوں کو کھیلنے کا موقع دینے کےلیے کھیل (گیم) کو دہرائیں۔ وضاحت کریں کہ یسوع مسیحؑ نے ہمیں بتایا کہ ہم دنیا کی روشنی ہیں، اور یہ کہ ہمیں اس روشنی کو چھپانا نہیں چاہیئے بلکہ ہر طرح کے حالات میں خدا کی پیروی کرنی چاہیئے۔

لازمی ہے کہ ہم خدا کے لیےبہادری کا مظاہرہ کریں!



**اونٹ کہتا ہے.....**

ٹیچر یا ایک طالب علم باری لے کر "اُونٹ" کا کردار ادا کرتا ہے۔ وہ فرد سرگرمی کے دوران سب کی رہنمائی کرتا ہے، مثال کے طور پر، اونٹ کی طرح گھومنا، ایک ٹانگ پر کھڑے ہوکر چھلانگیں لگانا یا غُرانا۔سرگرمی سےپہلے جب وہ کہتا ہے "اُونٹ کہتا ہے---"تو دیگر تمام بچوں کو سرگرمی کرنی چاہیئے بصورت دیگر وہ کھیل سے باہر ہوجائیں گے۔ اگر وہ " اونٹ کہتا ہے---" سے آغاز نہیں کرتا تو دیگر تمام بچوں کو سرگرمی نہیں کرنی چاہیئے، اور کوئی بھی فرد جو اس صورت میں سرگرمی کرے گا وہ کھیل سے باہر ہوجائے گا۔ بہت سے بچوں کو موقع دیں کہ وہ اونٹ کی طرح گھومیں۔ مزید تفریح پیدا کرنے کے لیے ہدایات تیزی کے ساتھ جاری کریں۔

# 2. بہادری خدا پر یقین رکھتی ہے

## دانیال 3: صلاحیتوں کا امتحان

### توجہ مبذول کرانے والا/ تالیاں 2

"بہادری خدا پر یقین رکھتی ہے"

"بہادری"= مُکے بنائیں اور اپنے ساتھی کے ساتھ ٹکرائیں

"یقین رکھتی ہے"= پہلے مکے اُوپر کرکے ٹکرائیں اور نیچے کرکے

"خدا پر"= دونوں ہاتھوں کے ساتھ آسمان کی طرف اشارہ کریں

### یاد کرنے کی آیت

زبُور47:2

کیونکہ خُداوند تعالیٰ مُہیب ہے۔ وہ تمام رُویِ زمِین کا شہنشاہ ہے۔

### ڈرمہ 2: اُونٹ میدانِ جنگ میں

کیملوٹ: (سٹیج پر آگے اور پیچھے کی جانب پریڈ کرتے ہوئے) بچ جائیں! 2,3,4 بچ جائیں! 2,3,4

کیمیلیا: آپ کیا کررہے ہیں؟

کیملوٹ: میں پریڈ کررہا ہوں۔ کیا آپ نے پہلے کبھی پریڈ نہیں دیکھی؟

کیمیلیا: اس طرح کی پریڈ نہیں دیکھی جس طرح آپ کررہے ہیں۔

کیملوٹ: تو، آج وہ فوج کے لیے اونٹوں کے ایک نئی یونٹ کے لیے بھرتی کررہے ہیں۔ بظاہر، دشمنوں کے گھوڑے ہماری بُو سے خوف زدہ ہیں۔

کیمیلیا:ارے نہیں، آپ کس قدر بد بودار ہیں کہ انہیں آپ کو بھرتی کرنا ہوگا!

کیملوٹ: میں جانتا ہوں ، لیکن دراصل میں جنگ میں نہیں جانا چاہتا۔ میرا مطلب ہے، میں اپنے ملک کی خدمت کرنا چاہتا ہوں، لیکن میں کسی بھی فرد کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتا۔ میں نہیں جانتا کہ کیا کرنا ہے! خوب... معمول سے بڑھ کر۔

کیمیلیا: آپ کیا کرنے جارہے ہیں؟

کیملوٹ: میں اڑنے کے بارے میں سوچ رہا تھا، لیکن مجھے بلندیوں سے ڈر لگتا ہے۔ ارے، میں چھپ جاتا ہوں تاکہ وہ مجھے تلاش نہ کرسکیں۔ ( سٹیج کے پردے کے نتیجے چھپ جاتا ہے لیکن اس کا سر اور کان نظر آرہے ہوتے ہیں)

کیمیلیا: اُم...تم مجھے اب بھی نظر آرہے ہو۔

کیملوٹ: رُکو! لازمی آپ کی بصارت ایکسرے کی حامل ہوگی۔میں اپنا روپ بدل کر ... مور کی شکل اختیار کرلیتاہوں! ( کیملوٹ کے پیچھے ایک دستی پنکھا تھامے رکھیں)

کیمیلیا: ایک بڑا، بال دار، بدصورت سا مور۔

کیملوٹ:ارے! موروں کے بارے میں ایسا کہنا مناسب نہیں!خوب، اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اس صورت حال سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے کوئی طریقہ میرے ذہن میں نہیں آرہا۔

کیمیلیا: آپ خدا سے دعا اور مدد طلب کرسکتے ہیں! چاہے ہم کسی اور راستے کے بارے میں نہ سوچ سکتے ہوں لیکن خدا ایسا کرسکتا ہے۔

کیملوٹ: پیارے خدا، برائے مہربانی میری مدد کر اور مجھے بچا لے! جو کچھ بھی پیش آتا ہے، میں آپ پر بھروسہ کرتا ہوں۔ ارے، وقت ہوگیا ہے۔ مجھے جانا ہوگا۔ (سٹیج سے چلا جاتا ہے)

اعلان کرنے والا: کچھ وقت گزرتا ہے...

کیملوٹ منظر پر سامنے آتا ہے: بہت خوب، یہ ایک پُر ولولہ جنگ تھی!

کیمیلیا: آپ جنگ میں گئے تھے؟ میں نے سمجھا تھا کہ خد ا نے آپ کو اس جنگ سے باہر (دُور) رکھا تھا۔

کیملوٹ: جی ہاں، میں بھی۔ لیکن یہ ثابت ہوا کہ میں اِس قدر بدبودار ہوں کہ کوئی بھی میرے قریب نہ آیا، لہٰذا میں نے کسی کو نقصان نہیں پہنچایا!

کیمیلیا: (کھسیانی ہنسی ہنستی ہے لیکن اُسے روکنے کی کوشش کرتی ہے) میں معذرت خواہ ہوں۔ یہ کوئی مضحکہ خیز چیز نہیں، لیکن یہ بہت اچھی بات ہے کہ یہ چیز آپ کے لیے کارگر ثابت ہوئی!

کیملیوٹ: چونکہ کوئی بھی فرد لڑائی کے لیےقریب نہیں آیا، تو ہم لوگوں کو بچانے کی کوشش میں لگ گئے۔ ایک ساتھی بے ہوش ہوگیا تھا۔ ایک اور فرد نے اس کے پنجہ پر اس قدر برے طریقے سے چاقو مارا تھا کہ اسے ٹانکے لگانےپڑے تھے۔

کیمیلیا: رکیئے، یہ بہت بُری بات ہے۔ میں اس قدر بُرے طریقے سے اپنے پاؤں پر چاقو مارنے کا تصور بھی نہیں کرسکتی۔ آپ نے کیا پہن رکھا ہے؟

کیملوٹ: انہوں نے لوگوں کو بچانے کے عوض مجھے میڈل سے نوازا۔ بہرحال، میں بہت خوش ہوں کہ جنگ ختم ہوگئی ہے۔ کھانا اچھا تھا ، لیکن مجھے گھر کا اناج کی کمی محسوس ہوئی جس کے بارے میں بات کرکے مجھے بھوک محسوس ہورہی ہے۔

## بنیادی (مرکزی) سبق 2

اس VBS پروگرام میں دوبارہ خوش آمدید، جس میں ہم خدا کے لیےبہادری کا مظاہرہ کرنا سیکھ رہے ہیں۔ پچھلی بار ہم نے ہر حال خدا کے احکامات بجا لانا سیکھا۔ آج ہم سیکھیں گے کہ اس طرح کے معاملے پر ثابت قدم رہنے کے کیا نتائج سامنے آتے ہیں۔ بادشاہ نیبو چاڈنیزر نے سونے کا ایک بہت بڑا بُت بنایا اور اپنے عہدیداروں سے کہا کہ انہیں اس کے سامنے جھکنا اور اس کی عبادت کرنی ہوگی۔ خدا نے حکم دیا کہ صرف اس کی عبادت کی جائے اور اس کے احکامات بجالائے جائیں۔ ایک بار پھر ہمارے دوستوں سدرک، میسک اور عبدنجو (بادشاہ نے ان کے نام ہنانیہ، میشیل اور عزاریہ رکھے) ، اپنے موقف پر ڈٹے رہے اور خدا کی نافرمانی کرنے سے انکار کردیا۔ سب کہیں، "بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے!"

بادشاہ نے انہیں آخری موقع دیا اور دھمکی دی کہ اگر وہ بُت کی عبادت نہیں کریں گےتو انہیں آگ کی بھٹی میں پھینک دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا، "ہمارا خدا ہمیں بچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ لیکن اگر وہ ہمیں نہیں بچاتا، ہم بت کی پوجا (عبادت) نہیں کریں گے۔" ہمارا خدا عظیم تر ہے، کائنات میں سب سے زیادہ طاقت ور ہے، اور ہمیں اس کی عبادت کرنی ہے۔ ہم زمین پر خدا کے لیے جو کچھ کرتے ہیں، وہ ہمیں اس کے بدلے ہمیشہ کی جنت عطا کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔ صرف خدا ہی ہے جس سے ہمیں ڈرنا چاہئیے، لیکن وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور اس قدر طاقت ور ہے کہ ہمیں کس بھی چیز حتٰی کہ موت سے بھی بچا سکتا ہے! سدرک، میسک اور عبدنجو نے اس بات کا اعتراف کیا اور اپنے آپ کو خداکے حوالے کردیا کہ اگر وہ چاہے تو انہیں محفوظ رکھ سکتا ہے چاہے زمین پر یا جنت میں۔ سب کہیں، "بہادری خدا پر یقین رکھتی ہے!"

بادشاہ نیبوچاڈنیزر اس قدر مشتعل تھا کہ اس نے 7 گنا گرم بھٹی میں سدرک، میسک اور عبدنجو کو اس میں پھینک دیا! ہم نے سوچا ہوگا کہ خدا کو چاہیے تھا کہ انہیں بھٹی میں پھینکے جانے سے پہلے بچالیتا۔ بعض اوقات ہم سوچتے ہیں کہ خدا کو ہماری مشکلات بشمول تعلیم میں مشکلات، کینسر میں مبتلا والدین یا کسی دوسرے شہر میں بڑی نقل مکانی، سکول کے لڑاکا بچے وغیرہ کو ٹھیک /حل کردے۔ بعض اوقات وہ ایسا کرتا ہے اور ہمیں اس سے مدد طلب بھی کرنی چاہئیے۔ اس کہانی میں، خدا نے ان تینوں کو آگ کی بھٹی سےباہر نہیں نکالا لیکن پھر بھی وہ اُس پر یقین رکھتے تھے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ کیا ہوا تھا! سب کہو، "بہادری خدا پر یقین رکھتی ہے!"

جب بادشاہ نیبوچاڈنیزر نے ان تینوں افراد کو ایک اور فرد جس کے بارے میں اس کا کہنا تھا کہ "خداؤں کا بیٹا" دکھائی دیتا تھا، کے ساتھ آگ میں صحیح سلامت چلتے دیکھا تو ہکا بکا رہ گیا۔ اس آگ کی بھٹی میں خدا اُن کا ساتھی تھا!لہٰذا جب بھی آپ کو مشکل صورت حال کا سامنا ہو، خدا اس صور ت حال کے عین وسط میں آپ کے ساتھ ہوگا۔ خدا نے ہم سے وعدہ کیا کہ وہ ہمار ا ساتھ کبھی نہیں چھوڑے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اچھے حالات کی نسبت خدا مشکل حالات میں ہمارے زیادہ قریب موجود ہوتا ہے، اور انہی مشکل حالات کو استعمال کرتے ہوئے وہ ہماری زندگیوں میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ دیکھیں خدا ہم سے کس قدر محبت کرتا ہے! سب کہیں، "بہادری خدا پر یقینی رکھتی ہے!"

سدرک، میسک اور عبدنجو صحیح سلامت آگ سے باہر نکل آئے حتٰی کہ اُن سے دُھوئیں کی بُوبھی نہیں آرہی تھی۔ خدا کی مدد سے آپ تلخی، غصہ، خوف یا ناراضگی کے بغیر اور اُس کی محبت، خوشی، امن اور معافی کے ساتھ مشکل صورت حال سے باہر آسکتے ہیں۔ بادشاہ نیبو چاڈنیزر نے اعتراف کیا کہ ہمارا خدا بہت عظیم ہے۔ کسی دن یسوع مسیحؑ واپس آئیں گے اور پوری دنیا ان کے آگے سر خم تسلیم کرے گی اور اس بات کی اعتراف کرے گی کہ وہ پوری کائنات کے بادشاہ ہیں۔

ہمارے گناہ اور ہمارا ہرغلط کام ہمیں خدا سے جدا کردیتا ہے۔ یسوع مسیحؑ نے ہمارے گناہوں کی خاطر اپنی جان کی قر بانی دی اور صلیب پر چڑھ گئے اور پھر دوبارہ زندہ ہوئے۔ کوئی بھی فرد جو یسوع مسیحؑ پر یقین رکھتا ہے، ہمیشہ کے لیے محفوظ ہوجائے گا لیکن جو یقین نہیں رکھتا وہ محفوظ نہیں ہوگا۔ کیا آپ آج یسوع مسیحؑ پر یقین کریں گے (ایمان لائیں گے) اور اپنے گناہوں سے محفوظ رہنے کے لیے اس کی مدد طلب کریں اور اسے ہمیشہ کے لیے اپنی زندگی کا مالک بنائیں گے؟ دعا کریں: " یسوع مسیحؑ، مجھے معلوم ہے کہ آپ پوری کائنات کے بادشاہ ہیں۔ یسوع مسیحؑ، کیا آپ میرے گناہ معاف کریں گے اور میری زندگی کے مالک بنیں گے؟ میں ہمیشہ کی نجات کے لیے آپ پر یقین رکھتا/رکھتی ہوں۔"

# روٹیشن سٹیشنز

## گارڈن گیمز 2

**بھٹی**



***مواد***

*بھٹی بنانے کےلیے کاغذ

*کاغذ سے بنی آگ کے شعلوں کی اشکال

*رنگ
*گلُو



***ہدایات***


*بھٹی اور شعلے بنائیں (کاغذ کے)۔ بھٹی کے درمیانی حصے میں شعلوں اور لوگوں (جو بھٹی میں ڈالے گئے تھے) رنگ کریں۔ (یاد رکھیں کہ ان لوگوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا تھا)۔


*شعلوں کو نارنجی، پیلا اور سرخ رنگ کریں تاکہ وہ گرم آگ کی طرح دکھائی دیں۔

*شعلوں کے کناروں کو موڑ کر گلو کی مدد سے بھٹی کے ساتھ اس طرح جوڑ دیں کہ وہ ایک دروازے کی طرح کھلیں۔

## پَیلس میں کلاس 2



## اسائنمنٹ (سرگرمی) 2

کوئی ایسے لمحات نوٹ کریں جن میں آپ کو احساس ہوا یا آپ نے سوچا ہوکہ آج خدا آپ کے ساتھ ہے اور پھر اگلے دن ٹیچر کو اس بارے میں بتائیں۔

## سوالات اور جوابات 2

1. **بادشاہ کے بنائے گئے سونے کے بُت کی عبادت (پُوجا) نہ کرنے کی کیا سزا تھی؟**
اس کی سزا یہ تھی کہ عبادت نہ کرنے والے کو آگ کی بھٹی میں ڈالا جاتا تھا۔
2. **اگر خدا مشکلات میں گھرے عیسائیوں کی مدد نہیں کرتا تو اس سے کیا ثابت ہوتاہے؟**

چند ممکنہ جوابات: ایمان کا امتحان، اپنی بچانے کی طاقت کو ظاہر کرنے کے لیے ، اپنے ساتھ پیش آنے والے مسائل میں خدا کو اپنے ساتھ محسوس کرنے کے تجربہ کے لیے، اپنے یقین (ایمان) کا دوسروں کو ثبوت دینے کے لیے۔

**3. کس طرح کی مشکلات میں خد ا آپ کو چھوڑ دے گا؟**

Heb 13:5 "میں نہ تو کبھی آپ کو چھوڑوں گا ؛ نہ کبھی آپ کو ترک کروں گا۔"
گنا ہ ہمیں خدا سے جدا کردیتے ہیں لیکن یسوع مسیحؑ خدا سے ہماری مصالحت کراتے ہیں۔ہر طرح کی مشکلات کے باوجود خدا کو ہروقت اپنے ساتھ محسوس کرنے کے لیے ہمیں یسوع مسیح کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرنا ہوگا۔

**4. آگ کی بھٹی کے اندر کون موجود تھا؟**

سدرک، میسک، عبدنجو، اور خدا = 4۔ وہ کوئی شیر نہیں تھے۔

**5. آپ کس طرح محفوظ رہ سکتے ہیں؟**

آپ دعا کرسکتے ہیں: "خدا وند یسوع، مجھے معلوم ہے کہ آپ پوری کائنات کے بادشاہ ہیں۔ یسوع مسیحؑ، کیا آپ برائے مہربانی میرے گناہ معاف کرسکتے ہیں اور میری زندگی کے مالک بن سکتے ہیں؟ مجھے آپ پر یقین ہے کہ آپ مجھے ہمیشہ کے لیے محفوظ رکھیں۔"

## دانیال (کے کردار) کے ساتھ ڈرامے 2

ٹیچر: دوبارہ خوش آمدید ،دانیال!

دانیال: آپ کا بہت شکریہ۔ دوبارہ آپ کے ساتھ موجود ہونے پر میں بہت خوش ہوں، اور میں اپنے عظیم خدا کے بارے میں بات کرنے اور اپنے دوستوں سدرک، میسک اور عبدنجو کی کی شاندار کہانی سنانے کے لیے بھی پُرجوش ہوں۔ بادشاہ نیبو چاڈنیزر نے ایک بہت بڑا مجسمہ تیار کیا اور بیعت کی تقریب میں سرکاری عہدیداروں سے اُس کی عبادت کروائی۔ اوہ، اگر لوگ اس چیز کو سمجھ سکتے کہ ایک مجسمہ خدا نہیں ہوسکتا کیوں کہ یہ دیکھ یا بول نہیں سکتا اور نہ ہی کچھ کرسکتا ہے۔ لیکن پوری تاریخ میں لوگوں نے ہمیشہ بہت چھوٹی چیزوں کی عبادت (پُوجا) کی ہے۔ میرے دوستوں نے مجسمہ کی عبادت کرنے سے انکار کردیا۔ انہیں توقع تھی کہ وہ نہیں پکڑے جائیں گے، لیکن کچھ دوسرے لوگوں نے بادشاہ کو بتا دیا۔ ہم نے اپنے اردگرد موجود لوگوں سے ہمیشہ مختلف رویہ کا مظاہرہ کیا اور اس وجہ سے وہ ہمیں پسند نہیں کرتے تھے اور کئی بار انہوں نے ہمیں سزا دینے کی کوشش کی۔ اگر آپ کے اردگرد موجود لوگ آپ کی سرگرمیوں سے رضامند نہیں ہیں تو اس پر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ آپ کو اس بارے میں فیصلہ کرنا ہوگا کہ کس کی رائےلحاظ کرنے کے قابل ہے، خاص طور پر بحیثیت ایک بچے یا نوجوان کے۔ ان لوگوں کاانتخاب سوچ سمجھ کر کریں جن کے ساتھ آپ وقت گزارتے ہیں۔ شدرک، میسک اور عبدنجو جیسے دوست عطا کرنے پر میں خدا کا شکر گزار ہوں۔ ہم نے خدا کے احکامات پر عمل کرنے کے لیےہمیشہ ایک دوسری کی حوصلہ افزائی کی ، اور میں ان کی بہادری سے بہت زیادہ متاثر ہوا ہوں۔ بعض اوقات انہیں میری حوصلہ افزائی کی ضرورت پڑتی ہے جب کہ بعض اوقات مجھے ان کی ۔ اس طرح کے دوستوں کو تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ اچھا، تو وہ پکڑے گئے تھے اور ان کی سزا یہ تھی کہ انہیں آگ کی بھٹی میں ڈالا جانا تھا! جب انہوں نے انکار کیا اور اپنی زندگیاں خدا کے حوالے کردیں چاہے کچھ بھی ہوجائے، بادشاہ کو اس قدر غصہ آیا کہ اس نے بھٹی کو اور زیادہ گرم کیا اور وہ اس قدر گرم تھی کہ میرے دوستوں کوبھٹی میں ڈالنے والے آدمی بھی (اس کی گرمی سے) مرگئے تھے۔

لیکن میرے دوست زندہ رہے! جب انہوں نے یہ کہانی مجھے بتائی تو میں حیران تھا، کیوں کہ وہ بالکل صحیح سالم تھے۔ کوئی دھواں موجود نہیں تھا اور نہ ہی ان کے بال، کپڑے یا کوئی اور چیز جلی تھی۔ اس پر بادشاہ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ اس نے ہمارے خدا کی تعریف کی اور اعتراف کیا کہ ہمار ا خدا سب سے اعلیٰ ہے۔ میرے خیال میں سب سے زیادہ شاندار چیز یہ تھی کہ آگ میں ایک چوتھا آدمی بھی تھا۔ بادشاہ کا کہنا تھا کہ وہ "خداؤں کے بیٹے" کی طرح دکھائی دیتا تھا۔ مجھے معلوم نہیں کہ آیا وہ فرشتہ تھا یا کون تھا، لیکن بلاشبہ خدا آگ میں ان کے ساتھ تھا۔ میں نے تقریباً یہی خواہش ظاہر کی کہ کاش میں بھی ادھر ہوتا تو دیکھتا کہ یہ سب کیسا منظر تھا۔ کسی نہ کسی دن، میں جنت میں خدا کو دیکھوں گا۔ بہرحال، میں اپنے ایسے بہادر دوستوں پر خوش ہوں جو خدا پر یقین رکھتے ہیں۔ بادشاہ اور باقی سب لوگ میرے دوستوں کی خدا کے ساتھ وابستگی سے ہمیشہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس سے ان لوگوں کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کےپاس کسی چیز کی کمی ہے۔ کون جانتا ہے؟ ہوسکتا ہے ان میں کچھ لوگ اسی وجہ سے ہمارے خدا کی طرف رجوع کریں گے اور اس طرح کی چھوٹی چیزوں کی عبادت کرنا چھوڑ دیں گے۔


ٹیچر: کیا یہ سچ ہے کہ اگر خدا انہیں بھٹی کے اندر محفوظ نہ رکھتا تو وہ پھر بھی مطمئن رہتے؟

دانیال: جی ہاں، یہ میرے دوستوں کی اپنے خدا کے ساتھ وابستگی کی حد ہے۔ ہم جانتےہیں کہ کسی نہ کسی دن ہم جنت میں خدا کے ساتھ ہوں گے۔ مجھے ان کی بہت زیادہ یاد آتی لیکن ان کے ساتھ جا ملنے کا انتظار بھی رہتا۔ لیکن خدا نے انہیں اس طریقے سے بچانے کا فیصلہ کیا، اور بادشاہ نے سلطنت میں موجود ہر فرد کو حکم دیا کہ وہ ہمارے خدا کے بارے میں کوئی غلط بات نہیں کہیں گے۔ ہمارا خدا عظیم ہے، اور سب لوگ اس کی حمد بیان کریں گے۔

ٹیچر:آج دوبارہ تشریف لانے پر آپ کا بہت بہت شکریہ۔

## سرگرمی 2

### مجھے یقین ہے



گروپ ایک دائرہ بناتا ہے۔ ایک فرد یہ کہنا شروع کرتا ہے "نیا دن دیکھنے پر میں خدا پر یقین رکھتا/رکھتی ہوں"۔ دوسرا فرد کہتا ہے، " جب میں نیا دن اور اپنے والد کی مسکراہٹ دیکھتا/دیکھتی ہوں تو خدا پر یقین رکھتا/رکھتی ہوں"۔ ہر فرد ان الفاظ میں ایک چیز کا اضافہ کرتے ہوئے دہراتا ہے۔ ایسا کرنے کا مقصد ان ساری باتوں کو یاد رکھنا ہے جو دوسروں نے آپ کے سامنے کہی ہیں۔ اگر وقت ہو تو یہ کھیل دوبارہ کھیلیں اور پہلے کی نسبت متضاد جملے کہیں۔ "جب میں نیا دن ، اور یا اپنے والد کی مسکراہٹ نہیں دیکھتا/دیکھتی تو پھر بھی خدا پر یقین رکھتا/رکھتی ہوں"۔




## رائل بینکوئٹ 2

### فـروٹ فائر



**اجزا:**

- انگور
- پیلے یا نارنجی رنگ کا پھل یا سبزی (آم، انناس اور /یا گاجر
- خستہ بل دار بسکٹ (یا کوئی چرمری چیز جو لکڑی کی جگہ استعمال کی جاسکتی ہو)
- چاقو
- ڈش

**ہدایات:**



1. پیلے رنگ کے پھل کو آگ کے شعلوں کی شکل میں کاٹیں (سپائکس)
2. پھل کو پلیٹ پر رکھیں اور اس کےگرد انگور رکھ دیں جو چٹانوں کی طرح دکھائی دیں گے۔
3. خستہ بل دار بسکٹ یا فرائی شدہ کھانا جو آپ نے لکڑی کے طور پر استعمال کرنے کا انتخاب کیا ، کو بھی رکھیں۔

***تیار ہوجائیں! ہم بغیر جلے آگ سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں!***

***آیئے اس بات کو مت بھولیں.... جس طرح بھٹی کے اندر خدا ان نوجوانوں کے ساتھ تھا، اسی طرح مشکلات حالات میں خدا ہمارے ساتھ ہے!***

## سلطنت میں دستکاریوں کا کام2





### اُونٹ کا رقص



موسیقی چلائیں اور بچوں کو اونٹوں کی طرح کا رقص کرنے کا کہیں۔ اس بارے میں تصور دینے کے لیے آپ بچوں کو اونٹ کے رقص کی ایک ویڈیو بھی دکھا سکتے ہیں۔ جب آپ موسیقی بند کریں تو بچوں کو چاہیئے کہ وہ رقص کرنا بند کردیں۔ جو بچہ حرکت کرے گا (رقص کرتا رہے گا) وہ کھیل سے باہر ہوجائے گا اور اسے چاہیئے کہ وہ بیٹھ جائے۔ دوبارہ موسیقی چلائیں اور اس عمل کو دہراتے رہیں یہاں تک کہ ایک بچہ رہ جائے۔ وہی فاتح ہوگا۔

### رَسہ کشی



اس کھیل کے لیے آپ کو ایک بہت موٹے رسے کی ضرورت ہوگی جو بچوں کے ہاتھوں کو تکلیف نہ دے۔ بچوں کی تعداد کو دیکھتے ہوئے ٹیمیں بنائیں (مثال کے طور پر 4 یا 6 ٹیمیں بنائیں)۔ایک وقت میں دو ٹیمیں کھیلیں جو اپنی طرف رسہ کھینچیں تاکہ رسے کا درمیانی حصہ فرش پر لگائے گئے نشان کو عبور کرلے۔ مقابلہ جاری رکھیں یہاں تک کہ ایک ٹیم جیت جائے۔

# 3. بہادری سچ بولتی ہے
## دانیال 4: بری خبروں کا حامل خواب (برا خواب)

### توجہ مبذول کرانے والا/تالیاں 3
"بہادری سچ بولتی ہے"

1. ہاتھوں کو منہ کے آگے اس طرح کریں جیسا کہ میگا فون کو لے کر کیا جاتاہے
2. سر کو ایک بڑے سے دائرے میں گھمائیں اور اس دوران کہیں، "ای ی ی ی اُووووووہ"
3. ہاتھوں کو ہپ ہاپ انداز میں حرکت دیں اور اس دوران کہیں، " کیا آپ ہمیں سُن سکتے ہیں؟"

### *یاد کرنے کی آیت*
۱-کُرنتھِیوں" 6:13
دکاری سے خُوش نہیں ہوتی بلکہ راستی سے خُوش ہوتی ہے۔

### *ڈرامہ 3: اونٹوں کارقص*
کیمیلیا: کیملوٹ!! مدد کرو، کیملوٹ!!
کیملوٹ جلدی سے منظر پر آتا ہے: کیا؟! کیا؟؟ کیا یہاں کوئی مکڑا ہے؟ کیا کوئی بہت سمندری مخلوق باہر نکل آئی ہے؟ کہاں ہے آگ؟ میں اُس پر ڈالوں گا! (آگ ڈالنے کے لیے تیار ہوتا ہے)
کیمیلیا: نہیں، نہیں۔ میرے رقص کے جوتے مجھے پہنانے ہیں۔ (عورتوں والے کچھ جوتے اٹھاؤ)
کیملوٹ: میں آپ کے جوتے کیوں پہنوں؟
کیمیلیا: نہیں، آپ نے نہیں پہننے۔ مجھے پہناؤ! اب میرے کرتب دکھانے (رقص کرنے) کا وقت قریب ہے۔
کیملوٹ: کرتب دکھانے؟ کیا آپ نے اپنے مداری ہونے یا موسیقی کے ساتھ نقل یا اداکاری کرنے والے (یعنی اوپرا سنگر) ہونے کے پُراسرار ماضی کے بارے میں مجھے نہیں بتایا تھا؟
کیمیلیا:بلاشبہ، میں اونٹوں کے رقص کے مقابلے میں شامل ہوں! میں بہت پرجوش ہوں۔ مشکل یہ ہے کہ میں پلیٹ فارم کے اوپر اپنے پنجے سیدھے نہیں کرپاتی۔
کیملوٹ: یہاں مجھے کوشش کرنے دیں۔ ( تھوڑا بہت اُوپر نیچے اچھلنے کی کوشش کرتا ہے اور پھر سٹیج کے پیچھے کی جانب گر جاتا ہے) آہ! *ٹکراؤ*
کیمیلیا: دیکھا؟ یہ مشکل کام ہے! لیکن میں کام کرسکتی ہوں کیوں کہ میں رقص کرنے میں اچھی ہوں۔ مجھے مشق کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی کیوں کہ میں بہت زیادہ باصلاحیت ہوں۔ میں مقابلے کے اس لیول تک اپنی محنت سے پہنچی ہوں۔
کیملوٹ: تمہارا شیخی بھگارنا اچھی بات نہیں ہے۔
کیمیلیا: لیکن یہ حقیقت ہے!
کیملوٹ: حقیقت یہ ہے کہ خدا نے آپ کو یہ صلاحیت دی ہے، اور تمہارے مالک نے تمہیں مشق کرنے اور تمام مقابلوں کے ذریعے اپنی کارکردگی میں بہتری لانے میں مدد دی۔
کیمیلیا: آپ بس دیکھیئے گا۔ میں یہ مقابلہ آسانی سے جیت جاؤں گی۔
کیملوٹ: میں کچھ ٹشوز اور کچھ پٹیاں لاؤں گا!
کیمیلیا غُصے میں روانہ ہوجاتی ہے۔
اعلان (منادی) کرنے والا: مقابلے کے بعد----
کیملوٹ سویا ہوا اور خراٹے مار رہا ہے۔
کیمیلیا زور سے چلاتی ہوئی آتی ہے۔
کیملوٹ: کیا مسئلہ ہے؟ ( کیمیلیا کو ایک رومال دیتا ہے)
کیمیلیا: (ٹشوز کی مدد سے ناک پونچھتی ہے۔ زور زور سے چلاتی اور چیختی ہے--) میں نہیں جیت سکی! ججوں نے انصاف نہیں کیا۔ مجھے جیتنا چاہیئے تھا! دوسرا اونٹ دو بار لڑکھڑایا تھا ! اور میری دوڑ بہترین رہی تھی! تو ، میں صرف ایک بار لڑکھڑائی تھی---- ٹھیک ہے، ہوسکتا ہے تین بار لڑکھڑائی ہوں گی۔ چار بار (آہ بھرتی ہے) سات بار۔ لیکن پھر بھی مجھے جیتنا چاہیے تھا!

کیملوٹ: تو ، آپ سات بار لڑکھڑائیں لیکن پھر بھی آپ یہی سمجھتی ہیں کہ آپ کو جیتنا چاہیے تھا؟ پھر تو مجھے سو بار لڑکھڑانا چاہیے اور جیت بھی جانا چاہیے!

کیمیلیا: اوئے! میں ---- اچھا---- نہیں --- یہ مختلف ہے کیوں کہ۔ اوہ۔ آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ججوں نے انصاف سے فیصلہ کیا۔ میں نےبری کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ہار گئی! (دوبارہ چلاتی ہے، زور زور سے چیختی ہے)

کیملوٹ: آپ کا اس طرح چلانا اب بھی تکبر اور خود رحمی کو ظاہر کررہا ہے کیمیلیا۔ آیئے، دوبارہ سچ کے بارے میں سوچتے ہیں۔

کیمیلیا: (سونگھتی ہے) کیا مطلب ہے آپ کا؟

کیملوٹ:میرے ساتھ دہرائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ، میرا تعلق یسوع مسیحؑ سے ہے۔ میری صلاحیتیں خداداد ہیں۔ اس نے مجھے یہ صلاحیتیں دیں، اور وہی انہیں واپس بھی لے سکتا ہے--- لیکن میری حیثیت پر کوئی چیز اثر انداز نہیں ہوتی اور نہ ہی خدا کی مجھ سے محبت پر کوئی فرق پڑتا ہے۔ جو کچھ واقع ہوگا اس پر منہ نہیں بسوروں گی بلکہ اس سے سبق حاصل کروں گی اور اگلی بار بہتر کارکردگی کے لیے خدا سے مدد مانگوں گی۔

(کیمیلیا ان الفاظ کو کیملوٹ کے ساتھ دہراتی ہے)

کیملوٹ: بہتر محسوس کررہی ہیں؟

کیمیلیا: جی ہاں، قدرے بہتر۔

کیمیلیا: بہت خوب، کیوں کہ نیند کی حالت میں تھا---- لیکن اب--- میں بھوکا ہوں!

## *مرکزی سبق 3*

اس VBS میں دوبارہ خوش آمدید! یاد رکھیئے ، بہادری خدا کو ترجیح دیتی ہے اور اس پر یقین رکھتی ہے۔ اب سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

بادشاہ نیبوچاڈنیزر نے ایک خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑا درخت ہے جس نے پوری زمین کو سایہ فراہم کیا اور اس کی دیکھ بھال کی۔ پھر وہ درخت کاٹا گیا، اور پیغمبر نے کہا کہ وہ گھاس کھائے گا جس سے اس کے بال اور ناخن لمبے ہوجائیں گے۔ بادشاہ نے ہمارے دوست دانیال کو بلایا کہ اس خواب کی تعبیر بیان کرے، کیوں کہ سب جانتے تھے کہ خدا دانیال کے ساتھ تھا۔ خدا نے اس خواب کا معنی (تعبیر) دانیال پر نازل فرمائی اور وہ تعبیر یہ تھی کہ بادشاہ پاگل ہوجائے گا اور سمجھے گا کہ وہ جانور ہے۔ تصور کریں کہ دنیا کے سب سے طاقت ور بادشاہ کے سامنے کھڑا ہونا اور اس کو ایک بری خبر دیناکس قدر خوف ناک ہوگا۔ آپ کیا کرتے؟ کیا آپ جھوٹ بول کر خواب کی ایسی تعبیر بیان کریں گے جو بادشاہ کے حق میں ہو یا سچ بولو گے؟ سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

دانیال نے اس بری خبر سے متعلق بادشاہ کو سچ بتایا۔ نہ صرف یہ بلکہ نہایت ادب کے ساتھ تجویز دی کہ بادشاہ کو توبہ کرنی چاہیئے۔ یسوع مسیحؑ بھی عظمت اور سچائی کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ وہ لوگوں سے اس قدر پیار کرتے تھے کہ انہوں نے ہمارے گناہوں کی مخالفت کی اور کبھی نہیں کہا کہ کوئی گناہ ٹھیک (جائز) ہے۔ اور پھر صلیب پر چڑھ کر ہمارے گناہوں کی قیمت ادا کی، اور وہ ہم سے درخواست کرتا ہے کہ ہم اس پر ایمان لائیں اور توبہ کریں اور اپنے اعمال درست کریں۔ اسی طرح، ہمیں دوسروں کے ساتھ محبت میں سچ بولناچاہیے۔ سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

ایک سال بعد، بادشاہ نے اپنے محل کی طرف دیکھا اور کہا کہ اس نے اسے اپنی طاقت سے اور اپنے لیے تعمیر کیا تھا۔ تکبر کے چُنگل میں پھنسنا بہت آسان ہوتا ہے جب آپ سکول میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، لوگوں کی طرف سے اپنی تعریف سنتے ہیں، بڑے گھر میں رہتے ہیں، کھیلوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں یا کوئی کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ تکبر کہتا ہے کہ یہ آپ نے کیا، لیکن سچ یہ ہے کہ خدا نے آپ کو یہ صلاحیتیں دیں۔ تکبر سمجھتا ہے کہ آپ طاقت ور ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ خدا آپ کی پوری زندگی میں آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔ تکبر سمجھتا ہے کہ کامیابی آپ کے لیے ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ کامیابی خدا کی عظمت کے لیے اور دوسروں کے فائدے کے لیے ہے۔ سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

اپنی متکبرانہ تقریر کے بعد، بادشاہ پاگل ہوگیا! وہ باہر رہنے لگا اور بیل کی طرح گھاس کھانے لگا اور اس کے بال اور ناخن لمبے ہوگئے۔ طویل عرصہ بعد، بادشاہ نے آسمان کی طرف دیکھا اور سچ بولا: کہ خدا ہمیشہ کے لیے اقتدار اعلیٰ کا مالک ہے۔ اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے نہایت خوف محسوس ہوتا ہے کہ ہمیں اپنے اوپر کوئی اختیا ر نہیں ہے اور یہ کہ زندگی اپنے لیے گزارنے کا نام نہیں ہے۔ سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

جب بادشاہ نے خدا کی طاقت اور اقتدارِ اعلیٰ کا اعتراف کیا تو نہ صرف اس کی بادشاہت بحال ہوگئی بلکہ اس کی سلطنت وسیع ہوگئی اور وہ مزید طاقت ور ہوگیا۔ اس کےبادشاہ نے کچھ حیران کن کام کیے۔ دنیا کے سب سے طاقت ور بادشاہ نے زمین پر بسنے والے تمام لوگوں کو خط لکھا اور اپنی بے اختیاری کے بارے میں حقیقی کہانی سنائی اور ہمارے طاقت ور خدا کی تعریف کی!جب خدا آپ کی زندگی میں کچھ کرتا ہے تو اس کے بارےمیں سب کو بتائیں چاہے اس سے کا بُرا تاثر ہی کیوں نہ سامنے آتا ہو۔ خدا کی تعریف ہوگی اوروہ آپ کو لامحدود انعامات سے نوازے گا اور آپ کی کہانی سے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ وحی (انجیل مقدس) سے ہمیں یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہم یسوع مسیحؑ کے خون اور اپنے یقین کے ذریعے دشمن کے خلاف فتح حاصل کرتے ہیں نہ کہ اپنی زندگی سے پیار کرے۔ ہم سچ بول کر فتح حاصل کرتے ہیں۔ سب کہیں، "بہادری سچ بولتی ہے!"

## گارڈن گیمز

### بابلی ٹوپی


**مٹیریل (مواد):**
*کاغذ کا خاکہ
*رنگ
*گلُو
*بل دار پٹی، 50 سینٹی میٹر




**ہدایات**
کاغذ کو ٹوپی کے ڈیزائن میں کاٹیں اور اسے رنگ کریں
نقطہ دار لائنوں کے مطابق اسے تہہ کریں تاکہ ٹوپی اپنے اُوپر لپٹ جائے اور ایسا لگے کہ یہ تین الگ ٹکڑے (حصے) ہیں۔
دونوں سائیڈوں پر موجود سوراخوں کے ساتھ بل دار پٹی کو منسلک کریں جس کی مدد سے اسے سر پر باندھا جاسکتا ہے۔
اسے چمکدار اشیا کی مدد سے سجائیں

## پَیلس میں کلاس3














1 2 3 4 5 6 7 8



## سوالات اور جوابات 3

***1. بادشاہ نیبو چاڈنیزر نے اپنے خواب کی تعبیر دانیال سے کیوں پوچھی؟***
سب جانتے تھے کہ خدا دانیال کے ساتھ تھا۔ دانیال نے دکھایا تھا کہ وہ خدا پر یقین رکھتا ہے۔

***2. دوسرے مشیربادشاہ کو ایسا کیا کہتے کہ جس سے اس سے خواب کی تعبیر اچھی ہوتی؟***
ممکنہ مثالیں: ایک درخت سایہ فراہم کرتا ہے، سورج کی حدت اور مشکلات سے محفوظ رکھتا ہے۔
گھاس کھانے سے مراد غذا میں کمی لا کر صحت مند ہونا ہے۔ لمبے ناخنوں کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ زندگی بغیر کسی پریشانی کے گزر رہی ہے۔
یعنی کہ خواب کی بُری تعبیر کو کسی اور طریقے سےپیش کیا جاتا۔

***3. آپ کے پاس ایسا کیا ہے جو واقعتاً خدا کی طرف سے آیا ہے؟***
تمام طالب علموں کے جوابات تسلیم کریں، صلاحیتیں اور شخصیت، وراثت کی طرف اشارہ کریں (تجویز دیں)۔

***4. آخر میں بادشاہ نے کس بات کا اعتراف کیا؟***
خدا ہمہ وقت اقتدار اعلیٰ کا مالک ہے۔

***5. خدا کی طاقت اور حاکمیت آپ کی حکومت سے کس طرح مشابہت رکھتی ہے یا اس سے مختلف ہے؟***
ایک فوج (لشکر) کے اوپر حاکمیت۔۔ خدا کے پاس فرشتےہیں جب کہ حکومت کے پاس سپاہی ہیں۔ خدا کے احکامات ہیں جن پر ہم عمل پیرا ہونے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ حکومت کے قوانین ہوتے ہیں جن پر عمل کرنا ہمارے لیے ضروری ہوتا ہے۔ جب غلط کام کرنا ثابت ہوجائے تو حکومت لوگوں کو سزا دیتی ہے جیسا کہ جیلوں میں ڈالنا؛ خدا نے ہماری طرف اپنا بیٹا یسوع مسیحؑ بھیجا تاکہ وہ ہمارے گناہوں کے لیے قربانی دے اور ہمیں اپنے گناہوں کی سزا نہ ملے۔ بعض اوقات حکومتیں تبدیل ہوتی ہیں؛ لیکن خدا کبھی تبدیل نہیں ہوتا۔ ہمارے لیے خدا کا مستقبل یہ ہے کہ ہم جنت میں اس کے ساتھ رہیں گے، لیکن حکومت ہماری آخرت کے بارے میں کچھ نہیں کرسکتی۔

## اسائنمنٹ 3

دن کے بقیہ حصہ میں لفظ "میں"کا استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔ جب بھی آپ کو لفظ "میں" کہنے کے لیے اُکسایا جائے تو اپنے آپ کو بتائیں کہ "میں نے صرف اپنے لیے نہیں جینا" اور اس کی بجائے دوسروں پر توجہ مرکوز رکھیں۔




## دانیال کے کردار کے ساتھ ڈرامے3

ٹیچر: دانیال، آپ کو ایک بار پھر خوش آمدید!

دانیال: آپ کاشکریہ۔ دوبارہ یہاں آکر مجھے اچھا لگا۔ آج میرے پاس ایک اور شاندار سچی کہانی ہے۔ ایک دن میں حکومتی انتظامی امور نمٹانے میں مصروف تھا جب بادشاہ نے نیبو چاڈنیزر نے مجھے بلوایا۔ اس نے خواب دیکھا تھا جو اس قدر حقیقی محسوس ہوتا ہے کہ آپ اسے کبھی نہیں بھول سکتے۔ ایک بار پہلے بھی خدا نے بادشاہ کے ایک خواب کی تعبیر بتانے میں میری مدد کی تھی۔ اس بار بھی جب جادوگر اسے خواب کی تعبیر نہیں بتا سکے تو بادشاہ نےمجھے بلوایا۔ اس نے مجھے بتایا کہ میرے اندر خداؤں کی روح ہے۔ وہ میرے خدا کے بارےمیں زیادہ نہیں جانتا لیکن اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ میرا خدا میرے ساتھ ہے۔ اس نے ایک بڑے درخت جس نے پوری زمین کا احاطہ کیا ہوا تھا، کے بارے میں بتایا کہ کس طرح اسے کاٹا اور پھر لوہے اور کانسی کے ساتھ باندھا گیا تھا۔ علاوہ ازیں اس نے آسمان سے آنے والے پیامبر کے بارے میں بھی بتایا جس نے اسے کہا تھا کہ وہ باہر رہے گا اور گھاس کھائے گا اور اس کا دماغ ایک جانور کی طرح کا ہوگا۔ جب بادشاہ مجھے یہ سب کچھ بتا رہا تھا ، اس وقت خدا نے مجھے اس کے خواب کی تعبیر بتائی اور مجھے سمجھ آگئی کہ یہ بادشاہ کےلیےایک بُری خبر ہے، کہ وہ اپنا دماغ کھو دے گا اور یہ سوچ کر پاگل ہوجائے گا کہ وہ ایک جانور ہوگا اور دوبارہ بادشاہت حاصل کرنے سے پہلے (محل) سے باہر رہے گا۔

ٹیچر: بادشاہ کو بری خبر سنانا دہشت ناک محسوس ہوا ہوگا۔ کیا اس نے آپ پر غصہ کیا؟

دانیال: جی ہاں، یہ سب بہت دہشت ناک تھا۔ پچھلے کئی سالوں کے دوران میں نے اس کا اعتماد حاصل کیا تھا لیکن (اسے یہ سب بتانا) پھر بھی پُرخطر تھا۔ لیکن میں جانتا تھا کہ بادشاہ کے لیے بہتر یہی ہے کہ اسے سچ بتایا جائے تاکہ اسے توبہ کرنے کا موقع دیا جائے۔ میں نے اسے بدکرداری/بدمعاشی چھوڑنے اور مظلوموں کے ساتھ رحمدلی سے پیش آنے کا مشورہ دیا۔ پورا سال گزر گیا اور لوگ اس کے بارے میں سب کچھ بھول گئے تھے جب ایک دن بادشاہ اپنا ذہنی توازن کھو بیٹھا۔ میں وہاں موجود نہیں تھا اس لیے یہ نہیں سن سکا کہ یہ سب کیسے ہوا لیکن اس نے پوری سلطنت کے نام خط لکھا اور ہر چیز کو تفصیل سے بیان کیا۔ اس نے نہایت متکبرانہ انداز میں شیخی بگھاری کہ کس طرح اس سلطنت قائم کی اور یہ کہ ساری شان وشوکت اس کے اپنے لیے تھی۔ طویل عرصہ بعد، وہ صحت مند اور ذی شعور حالت میں واپس آیا اور ایک بار پھر وہ بادشاہ بن گیا۔ پھر اس نے پوری سلطنت کے نام خط لکھ کر ساری چیزوں کی تفصیل بیان کی۔

ٹیچر: اس نے سلطنت (رعایا) کو یہ بتایا کہ وہ اپنا ذہنی توازن کس طرح کھو بیٹھا تھا؟ حیران کن بات ہے! وہ اپنی عزت (مقام) کھو سکتا تھا۔


دانیال: وہ میرے خدا سے اس قدر متاثر تھا کہ وہ اپنا مقام کھونے کے بارے میں بالکل پریشان نہیں ہوا۔ جب اس بات کا ادراک کرلیتے ہیں کہ خدا کتنا عظیم ہےتو پھر آپ صرف خدا کے فیصلے پر اپنی توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔ اس نے خط میں سچ بولا اور کچھ نہیں چھپایا اور نہایت عظیم خدا کی تعریف کی اور اس بات کو تسلیم کیا کہ دنیا کی تمام سلطنتوں کی حاکمیت خدا تعالیٰ کے پاس ہے۔ اس چیز نے سلطنت (رعایا) میں ہم سارے یہودیوں کو یہاں خدا کی حاکمیت دیکھنے کی حوصلہ افزائی کی حالانکہ ہم جلاوطن تھے۔ بعض اوقات ہم سوچتے ہیں کہ ہم خدا کے لیے (یعنی اس کی حمایت میں) کھڑے ہوجائیں یا یہ کہ وہ صرف ہم تک محدود ہے ، لیکن پھر وہ کچھ اس طرح کا کرکے دکھاتا ہے اور خود اپنے آپ کے لیے کھڑا ہوجاتا ہے ، جس کی وجہ سےہم اس سے خوف محسوس کرتے ہیں۔

ٹیچر: دانیال ، آج ایک بار پھر ہمارے پاس آنے پر آپ کا بہت شکریہ۔ کل ایستھر ہمارے ہاں آرہی ہیں لیکن کچھ دنوں بعد ہم دوبارہ آپ سے ملیں گے، ٹھیک ہے؟

دانیال: میری خواہش ہے کہ میں بھی کل یہاں موجود ہوتا اور ایستھر کی کہانی سنتا لیکن دو دِن بعد میں آپ سب سے یہاں ملوں گا۔

## سرگرمی 3

### سچ بولنے کا مقصد



بچے دائرہ یا نیم دائرہ بنا کر بیٹھیں۔ ایک چیز دائرے کے گرد گزاری جاتی ہے۔ جس بچے کے پاس وہ چیز آئی گی اسے اپنے بارے میں سچ بولنا ہوگا (مثال : میں کیلوں کی بناوٹ کی وجہ سے انہیں کھانا پسند نہیں کرتا/کرتی)۔ بچے کو اپنے بارے میں سچ بولنا جاری رکھنا ہوگا یہاں تک کہ اس کے قریب بیٹھا بچہ اس سے وہ چیز لینے کا فیصلہ کرتا ہے۔ اس چیز کو اسی طرح گھماتے رہیں اور کسی کی باری کو ایک منٹ سے زائد وقت کے لیے جاری نہ رہنے دیں۔

## رائل بینکوئٹ 3

### بادشاہ کے خواب میں آنے والا درخت



*اجزا:*

- کیلا
- سبز پھل اور/یا سبزیاں (انگور، کٹا ہوا کھیرا یا پالک)

*اضافی:*

- خنزیر کی ران کا گوشت
- گاجر کا لمباکٹا ہوا حصہ

*ہدایات:*



1. کیلے کو ایک پلیٹ پر رکھیں ۔ یہ درخت کے تنے کا کردار ادا کرے گا۔
2. سبز پھل کو اُس کے اوپر رکھیں۔ یہ ایک بڑے درخت کے پتوں کا کردار ادا کرے گا۔

*اضافی:*

1. خنزیر کی ران کے گوشت کے دو رول بنائیں اور انہیں اس طرح رکھیں کہ وہ ایک تتلی کے پروں کا کردار ادا کریں
2. گاجر کے لمبے کٹے ہوئے حصہ کو اس طرح رکھیں کہ وہ تتلی کے جسم کا کردار ادا کرے۔

***اب بادشاہ کے خواب میں آنے والے اس درخت سے لطف اندوز ہوں!!***

## سلطنت میں دستکاریوں کا کام 3

*گرم آلو:*



سارے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں یا پھر دو دائرے بنائیں جس میں ایک بچیوں پر جب کہ دوسرا بچوں (لڑکوں) پر مشتمل ہو۔ ہر پندرہ بچوں کے لیے ایک غبارہ، گیند یا کوئی اور چیز دیں تاکہ یہ کھیل جلد مکمل ہو۔ جب آپ موسیقی چلاتے ہیں تو بچے جلدی جلدی وہ چیز اپنے دائیں جانب بیٹھے ساتھی کو دیتے ہیں اس ارادے کے ساتھ کہ وہ چیز ان اپنے ہاتھ میں زیادہ دیر کے لیے نہ رہے۔ جب موسیقی رکتی ہے تو جس بچے کے ہاتھ میں وہ چیز ہوتی ہے ، کھیل سے باہر ہوجاتا ہے۔ اس کھیل کو جلدی جلدی کھیلیں یہاں تک کہ صرف ایک فاتح بچہ رہ جائے۔

*بسکٹ کا حامل چہرہ*



کھیلنے کے لیے بہت سے بچوں کا انتخاب کریں اور سب کو ایک ایک بسکٹ دیں۔ کھیل کے آغاز میں بسکٹ سر پر رکھا ہوا ہوتا ہے۔ جب کھیل شروع ہوتا ہے تو کھلاڑی (بچہ) اپنے چہرے کے پٹھوں کا استعمال کرتے ہوئے اس بسکٹ کو منہ تک لے آتا ہے۔ بسکٹ کے نیچے گرجانے کی صورت میں بچہ کھیل ہار جاتا ہے۔ ہر کھلاڑی کو ہر ایک بسکٹ کے لیے ایک منٹ کا وقت دیا جاتا ہے۔ کوئی بھی بچہ جو دو منٹ کے اندر دو بسکٹ اپنے منہ تک لے آتا ہے ، وہ یہ کھیل جیت جاتا ہے۔

# 4. بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے

*ایسٹر 9-3: اُس کے لوگوں کے لیے نجات*

### *توجہ مبذول کرانے والا/تالیاں 4*

"بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے"

ایک ساتھی کے ساتھ، دائیں ہاتھ کی ہتھیلی آپس میں ٹکرائیں، پھر ہاتھوں کی پچھلی جانب کو آپس میں ٹکرائیں اور ایک بار پھر ہاتھوں کی اگلی طرف کو آپس میں ٹکرائیں (تالی بجائیں)

مکا بنائیں اور پھر اُوپر، نیچے اور ایک بارپھر اوپر کی جانب مکے ماریں

آسمان کی طرف دیکھیں اور تین بار کندھوں اور کہنیوں کو نیچے کی جانب حرکت دیں

### *یاد کرنے کی آیت 4*

اول یوحنا" 16:3

اور نیّت بھی نیک رکھّو تاکہ جِن باتوں میں تُمہاری بدگوئی ہوتی ہے اُن ہی میں وہ لوگ شرمِندہ ہوں جو تُمہارے مسِیحی نیک چال چلن پر لَعن طَعن کرتے ہیں۔

### *ڈرامہ 4: اونٹوں کی خوبصورتی کا مقابلہ*

کیمیلیا: اوہ، میں بہت پریشان ہوں!

کیملوٹ: کیمیلیا، آپ کیوں پریشان ہیں؟ مجھے یقین ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گی۔

کیمیلیا: میرا خوبصورتی کا یہ مقابلہ جیتنے کا کوئی راستہ نہیں ہے! رقص کا مقابلہ ایک اور چیز تھی لیکن یہ مقابلہ اس سے بالکل مختلف ہے۔ اوہ، اگر میری ناک اس قدر بڑی اور پاؤں اس قدر لمبے نہ ہوتے! گھر واپس آتے ہوئے تمام دوسری لڑکیاں حتیٰ کہ لڑکے بھی میری ناک اور پاؤں کے دوسرے سب لوگوں سے بڑے ہونے پر ہنستے ہیں! میں کیا کروں گی، میں کیا کروں گی؟

کیملوٹ: دنیا پر ایک بڑا نقش چھوڑ کر جانا ہے؟ کِک باکسنگ جیتنی ہے؟

کیمیلیا: ارے! میں واقعی میں جیتنا چاہتی ہوں کیوں کہ میرے مالک سارے کا سارا انعام خیرات کرنا چاہتے ہیں۔ یہ بہت اہم ہے!

کیملوٹ:کیا آپ نہیں جانتیں کہ آپ کا اندر (باطن) آپ کے ظاہر سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے؟

کیمیلیا: واقعی؟ لیکن میری ناک کا کیا ہوگا؟؟

کیملوٹ: اپنی ناک کے بارے میں مت سوچیں۔ یہاں آپ ممکنہ حد تک بہترین اونٹنی ظاہر ہونے کے لیے ہیں اور دوسروں کے ساتھ رحمدلی سے پیش آئیں تاکہ آپ خدا کے بارے میں جان سکیں! رحمدل اور متفکر ہونے پر توجہ مرکوز رکھیں۔

کیمیلیا: لیکن میری شباہت کا کیا ہوگا؟

کیملوٹ: یہاں، مجھے آپ کے چہرے پر میک اپ کرنے دیں۔ (کچھ پاؤڈر کو ہوا میں پھونکیں جو اتنی مقدار میں ہو کہ بچوں کو نظر آئے۔ کیملوٹ اور کیمیلیا دونوں کھانستے اور چھینکتے ہیں۔) ہوسکتا ہے اس سے کام نہ چلے۔ Botox انجکشنز کے بارے میں کیا خیال ہے؟

کیمیلیا: جی نہیں، یہ دھوکہ دہی ہے اور اس کی وجہ سے میں نااہل ہوجاؤں گی!

کیملوٹ: یہاں، میں آپ کی آنکھوں میں آئی لائنر لگا سکتا ہوں--- (کیملوٹ اپنے منہ میں آئی لائنر لےکر عجیب انداز میں کیمیلیا کے قریب جاتا ہے---) اپنی جگہ پر موجود رہیں۔

کیمیلیا: اکک! جی نہیں، یہ ضروری نہیں ہے۔ بہرحال میری حوصلہ افزائی کے لیے آپ کا بہت شکریہ۔ میرے خیال میں مجھے اس مقابلےمیں اسی شکل و صورت میں جانا چاہیئے جو خدا نے مجھے عطا کی ہے، اور میں دوسروں کے ساتھ رحمدلی سے پیش آنے اور متفکر ہونے پر توجہ مرکوز رکھوں گی جیسا کہ آپ نے مجھے نصیحت کی ہے۔ اوہ، اب میری باری ہے۔

کیمیلیا سٹیج سے جاتی ہے

کیملوٹ: مجھے بتاؤ کہ کھانا کہاں ہے، کیوں کہ آپ اسے بہت دور سے سونگھ لیتی ہیں! ہی ہی ہی! میں بھوکا ہوں۔

اعلان/منادی کرنے والا: اور 19.7 پوائنٹس حاصل کرکے فاتح ہے---- کیمیلیا! جس کی وجہ اس کی غیر معمولی ناک اور پاؤں ہیں اور یہ دونوں خصوصیات اونٹوں کے مقابلہ حسن میں خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔

### بنیادی سبق 4

دوبارہ خوش آمدید! آج ہم بہادری کے بارے میں مزید جانیں گے۔ سلطنتِ بابل کو میڈیز اور ایرانیوں کی طرف سے فتح کیا گیا تھا۔ کچھ عرصہ بعد، بادشاہ اخسویرس نے اپنی بادشاہت دکھانے کے لیے ایک بہت بڑی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس بڑی تقریب کے موقع پر، ملکہ وشتی نے نافرمانی کی۔ بادشاہ نے اسے عہدے سے ہٹا دیا اور اس کی جگہ کسی اور عورت کو لانے کے لیےتلاش شروع کردی۔ ایک نوجوان یہودی عورت جس کا نام ایستہر تھا، بہت خوبصورت اور شگفتہ و باعزت عورت تھی۔ وہ سب سے زیادہ خوبصورت تھی۔ بادشاہ نے اسے ملکہ بنا لیا۔ ابتدائی اسباق میں آپ کو ہمارے دوستوں کے بارے میں یاد ہے؟ انہیں خدا کی عظمت اور دوسروں کے نفع کے لیے اعلیٰ عہدے دیئے گئے تھے۔ یہ کہانی بھی مختلف نہیں ہے؛ ایستہر کی خوبصورتی اور بطور ملکہ اس کا مقام دوسروں کے نفع کے لیے تھا۔ سب کہیں، "بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے!"۔

ایک برا آدمی جس کا نام حمان تھا، سارے یہودیوں کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس نے بادشاہ کو قائل کیا کہ وہ پوری سلطنت کے لیے ایک مخصوص دن کا حکم جاری کرے جس دن سارے لوگ یہودیوں کوقتل کرسکیں۔ ہر کوئی گھبراہٹ کا شکار تھا! ایستہر کے چچا مورڈیکائی، جس نے اس کی پرورش کی تھی، نے اسے اس بارے میں بتایا اورمداخلت کرنے کا کہا۔ یہ بہت خوف ناک چیز تھی کیوں کہ کوئی بھی فرد جو بغیر بلائے بادشاہ تک رسائی حاصل کرتا اسے قتل کردیا جاتا تھا! مورڈیکائی نے اسے یاد دلایا کہ بلاشبہ وہ ملکہ بن چکی ہے لہٰذا وہ لوگوں کو محفوظ رکھ سکتی ہے۔ آپ لوگوں کو یسوع مسیحؑ کے بارے میں بتا کر بہادری کا مظاہرہ کرسکتی ہیں تاکہ لوگ آخرت میں جنت میں رہ سکیں، اور یہ کہ ملکہ ایسے لوگوں کی حمایت میں کھڑی ہوجائے جنہیں ہراساں کیا جارہا ہے، گناہ کرنے کی بجائے یسوع مسیحؑ کی پیروی کرنے کے لیے ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرے ، سچ بولا جائے چاہے وہ تکلیف دے، اور کسی فرد واحد کے لیے اچھا کام کیا جائے چاہے لوگ اس پر آپ کو بُرا کہیں۔ سب کہیں، "بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے!"۔

ایستہر نے مورڈیکائی اور شہر میں موجود یہودیوں سے کہا کہ وہ اس کے لیے دعا کریں۔ جب آپ یہ دیکھتے ہیں کہ جو کچھ آپ کرنے جارہے ہیں وہ خوف ناک ہے تو خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کو بہادری عطا فرمائے اور مدد کرے! پھر ایستہر نے انتہائی بہادری پر مبنی کام کیا اور بادشاہ کے سامنے کھڑی ہوگئی۔ ایستہر کو بہت زیادہ اطمینان حاصل ہوا جب بادشادہ نے اس کو قتل کرنے کے لیے عصائے شاہ کا استعمال نہ کیا اور اس سے پوچھا کہ وہ کیا چاہتی ہے۔ ملکہ نے بادشاہ کو بینکوئٹ میں مدعو کیا اور پھر وہاں سے اس نے اسے دوسرے بینکوئٹ میں مدعو کیا۔ غالباً وہ بادشاہ کو حمان کے بارے میں بتاتے ہوئے خوف زدہ تھی، یا شاید اس بارے میں اُس نے پہلے سے ہی منصوبہ بندی کی ہوئی تھی۔ ہم نہیں معلوم۔ لیکن بہادری کا کامل ہونا ضروری نہیں۔ اگر آپ اتنے خوف زدہ ہوں کہ آپ کو قے آجائے تو کیا ہوگا؟ ٹھیک ہے! واش روم جائیں اور قے کریں، پھر واپس آئیں اور دوسروں کے لیے بہرحال اچھے کام سرانجام دیں۔ آپ جتنے زیادہ خوف زدہ ہوں لیکن اگر آپ کچھ اچھا کرتے ہیں تو آپ اتنے ہی زیادہ بہادر ہیں۔ سب کہیں، "بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے!" بادشاہ نے ایستہر کی بات سنی اور حمان کو اس پھندے پر چڑھا دیا جو حمان نے مورڈیکائی کے لیے تیار کیا تھا۔ بادشاہ نے یہودیوں کو اپنا دفاع کرنے کی اجازت بھی دے دی۔ بعد ازاں، بادشاہ نے مورڈیکائی کو اپنی سلطنت کا نائب بنایا جس کے بعد اس نے تمام یہودیوں کی فلاح کے لیے کام کیا۔ ہوسکتا ہے کہ جب آپ کسی بہادری کا مظاہرہ کریں تو چیزیں اس طرح سے سامنے نہ آئیں (جس طرح موجودہ کہانی میں ہیں) ۔ ہوسکتا ہے کہ اس کا نتیجہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ آئے۔ لیکن جب آپ بہادری کے ساتھ دوسروں کو اپنے آپ پر ترجیح دیتے ہیں اور خدا کی محبت میں کھڑے ہوجاتے ہیں تو آپ کی زندگی میں پوری کائنات کے حقدار بادشاہ یسوع مسیحؑ کی حمد بیان ہوگی۔ آپ کے کام میں ہر کوئی یسوع مسیحؑ کو دیکھ پائے گا، اور کسی نہ کسی دن وہ سب آپ کے اچھے کاموں کی وجہ سے خدا کی حمد بیان کریں گے اور خدا تعالیٰ بھی آپ کی تعریف کرے گا۔ سب کہیں، *"بہادری اپنے آپ کی بجائے دوسروں کو ترجیح دیتی ہے!"*

## گارڈن گیمز 4
### *تصویری فریم*





***مٹیریل (مواد):***

*نرم یا رنگ دار کاغذ سے فریم کا ڈیزائن بنائیں
*کاغذ سے تین تاج بنائیں
*الفاظ "میں بہادر ہوں"
*مشروب پینے کے لیے استعمال ہونے والی تیلی (سٹرا) نصف (1/2)
*بل دار پٹی
*گلو


***ہدایات***


*کاغذ کو فریم کی شکل میں کاٹیں اور بقیہ کاغذ کو ہٹا دیں
*اب اسے دوہرا کریں اورچار میں سے تین کونوں کو گلو کی مدد سے جوڑ دیں۔ چوتھے کونے کو کھلا چھوڑ دیں تاکہ اس کے ساتھ تصویر منسلک کی جاسکے۔ اوپر کی جانب موجود پٹیوں کو کھلا چھوڑ دیں تاکہ وہاں سے سٹرا (تیلی) کو داخل کیا جاسکے۔
*ایستھر کی تصویر پرنٹ کریں کریں یا پھر بچوں سے وہ تصویر بنانے کا کہیں تاکہ اسے فریم میں داخل کیا جاسکے۔
*تاج اور الفاظ "میں بہادر ہوں" کو سجائیں۔
*اسے مکمل کرنے کے لیے اوپر کی جانب موجود پٹیوں میں سٹرا (تیلی) داخل کریں اور اس کے دونوں جانب بل دار پٹی باندھ دیں تاکہ تصویری فریم کو لٹکایا جاسکے۔


## پَیلس میں کلاس4

















## سوالات اور جوابات 4

1. **انجیل مقدس کی آج کی کہانی میں ذکر کیے گئے لوگوں کے کیا نام ہیں؟**
بادشاہ اخسویس، ملکہ وشتی، ایستھر، حمان، مورڈیکائی
2. **کون سی چیز آپ کو خوف زدہ کرتی ہے؟**
ممکنہ جوابات: تاریکی، مکڑے، سانپ، کتے، ہتھیار، اجنبی لوگ، بلند آوازیں، مقبولیت میں کمی، بدمعاش لوگ، گھر یا سکول کا تبدیل ہونا
3. **ایستھر نے بہادری کا کون سا کام سرانجام دیا؟**
اس نے ملکہ بننے کے لیے درخواست دی، اس نے بغیر دعوت نامہ کے بادشاہ سے مل کر اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالا، اس نے بادشاہ کو بینکوئٹ میں بلایا، اس نے بادشاہ کو سارے یہودیوں کو قتل کرنے کے حمان کے منصوبے کے بارے میں بتایا۔
4. **آپ بہادری کے کون سے کارنامے سرانجام دے سکتے ہیں؟**
دوسروں کو خدا پر اپنے یقین کے بارے میں بتائیں، سکول میں بدمعاش لوگوں کے خلاف کھڑے ہوجائیں، اپنے والدین کے ساتھ ایمانداری کا مظاہرہ کریں۔
5. **بادشاہ اخسویس نے اپنے اس حکم کو تبدیل کیوں نہیں کیا جس کے بارے میں حمان نے اس سے بات کی تھی: ملک میں موجود تمام یہودیوں کو قتل کرنے کے لیے ایک مخصوص دن؟**
بابلی سلطنت میڈیس اور ایرانیوں کی طرف سے فتح کی گئی تھی اور ان کے قوانین کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا تھا۔

## اسائنمنٹ 4

بہادری کی مشق کریں اور کسی فرد کو بتائیں کہ آپ مسیحی (عیسائی) ہیں۔

## دانیال کے کردار کے ساتھ ڈرامے 4

ٹیچر: آج ہمارے ہاں ایک اور فرد تشریف لارہا ہے۔ برائے مہربانی سب لوگ ملکہ ایستھر کو خوش آمدید کہیں!

ایستھر: سب کو آداب، آپ سب سے مل کرمیں بہت خوش ہوں۔

ٹیچر: آج ہم آپ کی کہانی کے بارے میں جان رہے ہیں۔ کیا آپ ہمیں بتاسکتی ہیں کہ آپ ملکہ کس طرح بنیں؟

ایستھر: میں اپنے چچا کے ساتھ رہائش پذیر تھی جس نے میری پرورش کی۔ بادشاہ اخسویس نے سارے درباریوں کے سامنے نافرمانی کی وجہ سے ملکہ وشتی کو معزول کردیا۔ ساری لڑکیوں کو بلایا گیا جس طرح کہ گویا مقابلہ حسن کے لیے آئی ہوں۔ ان میں سے ملکہ کا انتخاب کیا جانا تھا۔ میں مورڈیکائی کو نہیں چھوڑنا چاہتی تھی لیکن اس نے میری حوصلہ افزائی کی۔ ہم نے پورا سال تیاری اور خوبصورتی میں بہتری لانے میں گزار دیا۔ کچھ لڑکیاں مطلبی، کچھ عمدہ اور میرے خیال میں بہت سی لڑکیاں ایسی بھی تھیں جو مجھ سے زیادہ خوبصورت تھیں۔ لیکن جو شخص ہمارا انچارج تھا اس نے مجھے ترجیح دی اور جب بادشاہ سے میرے ملنے کی باری آئی تو میں نے اس شخص کی تجاویز پر عمل کیا۔ مجھے نہیں معلوم کہ اس نے میرا انتخاب کیوں کیا لیکن جلد ہی میں سلطنت کی ملکہ بن گئی۔

ٹیچر: واہ، کیسا خواب پورا ہوا! بطور ملکہ زندگی کیسی ہے؟

ایستھر: میں بادشاہ کی خدمت کرتی ہوں اور ضیافتوں اور تقریبات میں جاتی ہوں اور سلطنت کے مختلف حصوں سے آنے والے سربراہان کی بیویوں کی میزبانی کرتی ہوں۔

ٹیچر: حمان کے ساتھ کیا ہوا؟

ایستھر: اس نے بادشاہ کو ایک حکم نامہ جاری کرنے کے لیے قائل کیا جس کے تحت ایک مخصوص دن پر سب لوگوں کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ یہودیوں کو قتل کریں۔ میں اپنے لوگوں کے لیے بہت خوف زدہ تھی لیکن محل میں میرے بارے میں کوئی نہیں جانتا تھا کیوں کہ میں نے کسی کو نہیں بتایا تھا کہ میں یہودی ہوں۔ لیکن پھر حالات خراب ہوگئے۔ حمان نے میرے چچا مورڈیکائی کو قتل کرنے اور اپنے گھر میں اونچے پھندے پر لٹکانے کا منصوبہ بنایا ۔ لیکن جس رات وہ بادشاہ سے اجازت مانگنے گیا، بادشاہ ماضی کے واقعات کے بارے میں سن رہا تھا اور اس نے یاد کیا کہ کس طرح کچھ عرصہ قبل میرے چچا نے اس کی زندگی بچائی تھی۔ بجائے اس کے کہ حمان میرے چچا کو قتل کرتا، بادشاہ نے حمان کو گھوڑے پر سوار کیا کہ وہ شہر کے گرد مورڈیکائی کی رہنمائی کرے۔ علاوہ ازیں اسے شاہی چغہ پہنایا گیا جو بادشاہ کی طرف سے اس کی عزت افزائی کیے جانے کی نشاندہی کررہا تھا۔

ٹیچر: کیا اس چیز نے آپ کے لوگوں کو اس حکم نامہ سے محفوظ رکھا؟

ایستھر: جی نہیں، کیوں کہ میڈیئن اور پرشیئن (ایرنی) سلطنت میں حکم نامے تبدیل نہیں کیے جاسکتے۔ ہم اب بھی اس خوف ناک حکم نامہ کی وجہ سے مشکل میں تھے۔

ٹیچر: آپ نے کیا کیا؟


ایستھر: مورڈیکائی نے ایک بار پھر میری حوصلہ افزائی کی اور بادشاہ سے مدد طلب کرنے کا کہا۔ یہ ایک خوف ناک کام تھا۔ اگرچہ میں ملکہ ہوں لیکن پھر بھی مجھے بغیر طلب کیے بادشاہ سے ملنے کی اجازت نہیں ہے اور اس کی سزا موت ہے۔ لیکن مورڈیکائی کا کہنا تھا کہ خدا نے شاید مجھے اس کام کے لیے ملکہ بنایا ہے۔ علاوہ ازیں چچا نے مجھے بہادری کا مظاہرہ کرنے کا کہا۔ کچھ دنوں کے لیے سارے یہودی میرے لیے دعا کرتے اور روزے رکھتے رہے۔ پھر میں نے لباس زیب تن کیا اور بادشاہ سے ملنے گئی۔ میں کانپ رہی تھی لیکن میں نے کوشش کی کہ یہ چیز سامنے نہ آئے۔ بادشاہ مسکرایا اور مجھے بچانے کے لیے اپنے عصائے شاہی کو روک لیا، اور میرے لیے کھڑے رہنا بہت مشکل تھا۔ بعد ازاں میں نے بادشاہ اور حمان کو ایک بینکوئٹ (ضیافت) میں مدعو کیا اور پھر ایک اور ضیافت میں بھی۔ آخر کار، جلدی سے ایک اور دعا مانگنے کے بعد، میں نے بادشاہ کو اس حکم نامہ اور اپنے لوگوں کے بارے میں بتایا۔ حمان اس کا نائب تھا، اور میں خوف زدہ تھی کہ بادشاہ مجھے اور میرے لوگوں کو ترجیح دینے کی بجائے حمان کو ترجیح دے گا۔ لیکن بادشاہ غصے میں تھا اور حمان کو اس پھندے پر چڑھا کر قتل کردیا جو اس نے مورڈیکائی کے لیے تیار کیا ہوا تھا۔ پھر بادشاہ نے مورڈیکائی کو اپنا نائب بنایا، اور ہم نے بادشاہ کی طرف سے ایک اور حکم نامہ لکھا تاکہ قتل ہونے کی بجائے ہمارے لوگوں کو اپنا دفاع کرنے کی اجازت دی جائے۔

ٹیچر: ایستھر، آپ کے تشریف لانے کا بہت بہت شکریہ

ایستھر: مجھے بلانے پر آپ کا بہت بہت شکریہ۔

## سرگرمی 4

### دوسروں کو ترجیح دینا




لوگوں کو یہ سمجھانے کے لیے کہ کس طرح دوسروں کو ترجیح دینی ہے، کاغذ کی ایک گیند بنائیں اور گروپ میں موجود لوگوں سے کہیں کہ وہ گیند کو اپنے اِردگر موجود کسی فرد کی طرف اچھالیں۔ جس فرد کےہاتھ میں گیند آئے گی، وہ دوسروں کو ترجیح دینے کا ایک طریقہ کار بیان کرے گا۔ مثال کے طور پر میں اپنے ہم جماعت کو کمرہ جماعت میں اپنے سے پہلے داخل ہونے دے کر اس کو ترجیح دے سکتا ہوں۔




رائل بینکوئٹ 4

***ملکہ کا بڑا (عظیم) دِل***

***اجزاء:***



- بسکٹ کو دل کی شکل میں کاٹنے کا اوزار یا گتہ اور چاقو
- کٹا ہوا پھل
- سیخیں

***ہدایات:***

1. بسکٹ کاٹنے والے اوزار کے ساتھ پھل کو دل کی شکل میں کاٹیں۔ اگر آپ کے پاس یہ اوزار موجود نہیں ہے تو گتے کی مدد سے دل بنائیں۔ گتے سے بنے ہوئے دِل کو پھل پر رکھیں اور چاقو کی مدد سے کاٹ لیں۔
2. دل کی شکل میں کٹے ہوئے پھل کو سیخوں پر چڑھائیں۔

***اب ان خوبصورت اور امیر دِلوں سے لطف اندوز ہونے کے لیے ملکہ ایستھر کے عظیم دل کو یاد کریں جو وہ دوسروں کے لیے رکھتی تھی!***




**سلطنت میں دستکاریوں کا کام4**

***بِنگو لنگو***



کلاس کی مدد سے، سبق میں سے 50تا 60 اہم الفاظ کی مدد سے فہرست بنائیں اور موجودہ صورت میں ایستھر کی کہانی میں سے الفاظ کی فہرست بنائیں۔ اس فہرست کو ایسے مقام پر چسپاں کریں جہاں اسے بآسانی دیکھا جاسکے۔ ہر ایک لفظ کو چھوٹے سے کاغذ پر لکھیں، اسے دوہرا کریں اور اسے کسی ڈبے یا ٹین میں رکھ دیں۔ بچے اپنے بِنگو کارڈ بنائیں گے، شیٹ کو ہر سمت میں دو بار دوہرا کریں جس کے نتیجے میں کاغذ پر 16 مستطیلیں بن جائیں۔ ہر ایک مستطیل میں بچے ایک لفظ لکھیں۔ جیسا کہ پھلیوں یا پتھروں وغیرہ کو نشان لگانے والی اشیاکے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ وہ کارڈ کو کئی بار استعمال یا پھر اپنے ساتھ کے ساتھ اسے تبدیل کرسکتے ہیں۔

ٹیچر اس ڈبے سے ایک لفظ نکالتا ہے اور بلند آواز میں اس لفظ کو پڑھتا ہے۔ اگر بچے کے کارڈ پر وہ لفظ موجود ہے تو مارکر کی مدد سے اُسے کَور کرلیتا (ڈھانپ) دیتا ہے۔ اپنے کارڈ کوسب سے پہلے کَور کرنے (ڈھانپنے) والا فرد زور سے بولے گا "بِنگو لنگو" اور وہی فاتح ہوگا۔



**اونٹ دوڑ**

10تا 15 بچوں پر مشتمل ٹیمیں بنائیں۔ وہ اس طرح قطار بنائیں کہ کھیلنے کے لیے کافی جگہ موجود ہو۔ کمرے کے دوسری جانب ایک نشان لگا دیں۔ کھیل شروع کرنے کے لیے، قطار میں موجود پہلا کھلاڑی اونٹ کی طرح آواز نکالتے ہوئے لگائے گئے نشان کی طرف دوڑے اور پھر واپس مڑ کر ٹیم کی طرف واپس آئے۔ جب وہ دوسرے کھلاڑی کے ہاتھ کو تھپتھپاتا ہے تو وہ اپنی باری لیتا ہے اور دوڑنا شروع کردیتا ہے۔ پہلی ٹیم جس میں سارے بچے اپنی دوڑ مکمل کرلیں گے وہ فاتح ٹیم ہوگی۔ دوڑ کی قسم میں تبدیل کرکے مثلاً ایک پاؤں پر چلتے ہوئے چھلانگیں مارنا، اختتامی لائن کی طرف واپس آنا وغیرہ کرکے دوبارہ کھیلیں۔

# 5. بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی

## دانیال 6: روزانہ کی عبادتیں اور شیر کی کھوہ

### توجہ مبذول کرانے والے تالیاں 5

"بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے"

1. اپنے ساتھی کے ساتھ دونوں ہاتھوں سے تالیاں بجائیں
2. ہاتھوں کو کراس کی شکل میں لائیں اور ایک بار پھر تالی بجائیں
3. پہلی تالی کو دوہرائیں
4. پہلے دائیں ہاتھوں سے اکٹھے تالیاں بجائیں، پھر بائیں ہاتھ اور ایک بار پھر دائیں ہاتھ سے
5. آخر میں دونوں ہاتھوں سے ایک بار پھر تالیاں بجائیں
6.

### یاد کرنے کی آیت

عِبرانیوں" 36:10

کیونکہ تُمہیں صبر کرنا ضرُور ہے تاکہ خُدا کی مرضی پُوری کر کے وعدہ کی ہُوئی چِیز حاصِل کرو۔

### ڈرامہ 5: اونٹوں کا کاروان

کیمیلیا: اوہ، صحرا میں سورج کی حدت میری خوبصورت جلد کو نقصان پہنچا دے گی!

کیملوٹ: اچھی بات یہ ہے کہ آپ کے جسم پر ثمور (بال) موجود ہیں۔

کیمیلیا: میں جانتی ہوں، اس ثمور (بالوں) کے باوجود بہت زیادہ گرمی محسوس ہورہی ہے۔ ہم یہاں باہر کیوں موجود ہیں؟ میں اپنے گھر واپس ایران (فارس) جانا چاہتی ہوں۔ اس کاروان میں ہمیں کتنا اور چلنا ہوگا؟

کیملوٹ: پورا دِن۔ اور پھر آپ جانتی ہیں کہ کل ہم نے کیا کرنا ہے؟

کیمیلیا: چلنا؟

کیملوٹ: جی بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں! اور پھر اگلے دِن، ذرا سوچیں کہ کیا ہوگا؟

کیمیلیا: ہم چلیں گے؟

کیملوٹ: جی ہاں! آپ کو کیسے پتا چلا؟

کیمیلیا: آہ! ہر صبح ہم اٹھتے ہیں اور ایک ہی چیز کھاتے ہیں اور اکٹھے عبادت کرتے ہیں اور پھر ہم چلتے رہتے ہیں۔ پھر ہم دوپہر کے کھانے کے لیے رُکتے ہیں اور ایک ہی کھانا کھاتے ہیں اور دوبارہ عبادت کرتے ہیں، اور پھر چلتے رہتے ہیں ۔ پھر رات کے وقت وہی کھانا کھاتے ہیں، عبادت کرتے ہیں اورسوجاتے ہیں۔ ایک ہی چیز بار بار دہرا کر میں تھک گئی ہوں! حتٰی کہ اب میں خواب بھی چلنے کے بارے میں دیکھتی ہوں! اور کیا آپ جانتے ہیں؟ مجھے پیاس لگی ہے! ایساتقریباً کبھی نہیں ہوتا! کیا میں اب رُک سکتی ہوں؟

کیملوٹ: کیا؟ یہاں رُکنا ہے؟ آیئے دیکھتے ہیں--- یہا ں کوئی پانی نہیں ہے۔ اور دیکھو! یہاں کوئی پانی نہیں ہے۔ انتظار کریں اور دیکھیں کہ آگے کیا ہے؟ یہاں کوئی پانی نہیں ہے۔ یہ ایک خوف ناک جگہ ہے جہاں رُکا نہیں جاسکتا۔

کیمیلیا: اُف--- یا کم ازکم ہر بار پڑاؤ کرنے پر ہمیں عبادت نہ کرنی پڑے؟ بیزاری ہورہی ہے۔ اس کے علاوہ، کاروان کے زیادہ تر لوگ عبادت ترک کردیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم نے عبادت کو جاری رکھنا اپنی قسمت کا حصہ سمجھا ہوا ہے۔ ویسے اسے چھوڑنے میں کیا حرج ہے؟

کیملوٹ: یہ کوئی تفریح نہیں ہے۔ ہمیں ہر وقت خدا کی ضرورت ہوتی ہے!

کیمیلیا: پانی سے بھی زیادہ ضرورت ہے؟

کیملوٹ: جی ہاں! حتٰی کہ دھوپ سے بچانے والی جِلدی کریم یا ہمارے موبائل آلات سے بھی زیادہ ضروری ہے۔

کیمیلیا: ٹھیک، جلدی ہی میں ہمت ہارنے والی ہوں اور آپ نے مجھے اٹھا کر لے جانا ہوگا۔

کیملوٹ: اوئے! میں بھی پیاسا ہوں۔ بس چلتی رہو، ایک وقت میں ایک قدم۔

منادی کرنے والا: کچھ دیر بعد، وہ نخلستان پہنچ گئے۔

کیمیلیا: اخاہ! مجھے لگا میں مرنے والی ہوں!

کیملوٹ: (چباتے ہوئے) ہم سب مرنے والے تھے!!! ( اپنی ناک سٹیج سے نیچے لے جاکر تھوڑا بہت کھانے کی کوشش کرتا ہے)

کیمیلیا: اوئے، کیا تم نے دوسرے اونٹوں کی بات چیت سنی ہے؟

کیملوٹ: وہ اونٹ جن کی لائسنس پلیٹیں کسی دوسری ریاست کی ہیں؟

کیمیلیا: جی ہاں۔ وہ کل ہم سے پہلے ادھر پہنچے اور ہر قسم کے سانپوں او ر رہزنوں اور ریت کے طوفانوں کے بارے میں بات کررہے تھے----

کیملوٹ: اور چھینکوں اور زخمی پنجوں اور ( ہانپتا ہے!) کوئی وائی فائی نہیں! (کھانا جاری رکھتا ہے)

کیمیلیا: میں سوچتی ہوں کہ کیا خدا نے ہمیں سارا وقت محفوظ رکھا۔ اوئے ، کیا آپ جانتے ہو؟ کھانے اور پانی کے ساتھ میں یہاں نخلستان میں بہتر محسوس کررہی ہوں--- اور خدا سے باتیں کرنا (عبادت کرنا) میرے لیے بہت زیادہ آسان ہے۔ یہ تقریباً ایسا لگتا ہے کہ مشکل وقت میں صبر کا مظاہرہ کرنے اور خدا کے ساتھ وقت گزارنے (عبادت کرنے) کی وجہ سے مشکل وقت آسان ہوگیا تھا اور اب مزید آسانی ہوگئی ہے۔

کیملوٹ: جی ہاں، میں بھی آسانی میں ہوں۔ اوئے، کیا تم یہ کھاؤ گے؟ میں بھوکی ہوں۔

## مرکزی سبق 5

اس VBS میں دوبارہ خوش آمدید! اس ہفتے ہم نے بہادری سے متعلق ساری چیزیں کے بارے میں جانا ہے۔ آج ہم سیکھیں گے کہ بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے (یا بہادر آدمی صبر کا مظاہرہ کرتا ہے)۔ سب کہیں، "بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے!" Persevering کا مطلب ہے کہ آپ جو کچھ کررہے ہیں اسے کرتے رہیں (یعنی ثابت قدم رہیں)۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کل آپ نے کیا کیا تھا۔ اگر آپ نے یسوع مسیحؑ کی تعلیمات کے مطابق اچھا کام کیا تو آپ کو مبارک ہو! لیکن کل پر یقین نہ رکھیں؛ آج پھر اچھا کام (نیکی) کریں۔ اگر آپ نے یسوع مسیحؑ کی پیروی کرتے ہوئے بھی نیک کام نہ کیے تو پریشان نہ ہوں کیوں کہ اس نے آپ کے گناہوں کا مکمل کفارہ ادا کردیا ہے۔ لیکن خیال رہے کہ کل آپ نے جو غلط کام (گناہ) کیا ہے وہ آپ کو آج نیک کام کرنے سے نہ روکے! سب کہیں، "بہادری ثاقت قدمی کا درس دیتی ہے!"

بہادری نہ صرف خدا کو ترجیح دیتی ہے بلکہ روزانہ کی بنیاد پر صبر کا مظاہرہ کرتی ہے اور خدا کو ترجیح دیتی ہے۔ صرف ایک بار خدا پر یقین نہ رکھیں بلکہ اسے روزانہ کی بنیاد پر برقرار رکھیں۔ صرف ایک بار نہیں بلکہ ہمیشہ سچ بولیں۔ اور دوسروں کو صرف ایک بار نہیں بلکہ روزانہ ترجیح دیں۔ یسوع مسیحؑ نے ہمیں یہی سکھایا ہے کہ ہم اپنی زندگیاں روزانہ کی بنیادپر خدا کے لیے پیش کریں، اس کے آگے گردن جھکائیں اور چاہے ہمارا دل نہ بھی کررہا ہو، ہمیں اچھے کام کرنے چاہیئں۔ دانیال جس کے بارے میں ہم نے پہلے دن جانا تھا، روزانہ تین بار خدا کی عبادت کرتا تھا اور کبھی ناغہ نہیں ہونے دیتا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ انتظامی امور کا اس قدر ماہر تھا کہ بادشاہ دارا نے اسے پوری سلطنت کا سربراہ بنانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اسی وجہ سے دوسرے لوگ دانیال سے اس قدر حسد کرنے لگے کہ انہیں دارا کو اپنے جال میں پھنسایا اور عبادت کو غیر قانونی قرار دینے کا حکم نامہ جاری کروا کر دانیال کو پھنسا دیا۔ سب کہیں، "بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے!"

بادشاہ کے حکم نامہ سے خوف زدہ ہونے کی بجائے، دانیال نے اپنے کمرے میں جاکر معمول کے مطابق دن میں تین بار عبادت کرنا اور خداکا شکر ادا کرنا جاری رکھا۔ جب آپ خدا کو بادشاہوں اور قوانین کی بجائے قادر مطلق اور عظیم مان لیتے ہیں تو آپ اس چیز کا احساس کرسکتے ہیں کہ ہر اچھائی خدا کی طرف سے آتی ہے اور پھر آپ مشکل حالات میں بھی خدا کا شکر ادا کرتے ہیں۔ ایک دن دانیال خدا کی عبادت کررہا تھا اور اس سے مدد مانگ رہا تھا۔ بالکل اسی وقت، اس کے دشمنوں نے اسے پکڑ لیا اور غیر قانونی عبادت کی وجہ سے اسے قید کردیا۔ جب یہ مسئلہ پیش آیا تو اس وقت وہ خدا سے مدد کی دعا کررہا تھا! حتٰی کہ بادشاہ دارا بھی پریشان تھا اور اس نے دانیال کو بچانے کی پوری کوشش کی لیکن کچھ نہیں ہوسکتا تھا۔ ہماری زندگیوں میں اکثر اوقات، ہم ادھر ادھر دیکھتے ہیں اور اپنے مسائل کا کوئی حل نہیں ڈھونڈ پاتے۔ کیا آپ کو دوسرے دن کا سبق یاد ہے؟ ہر حال میں خدا پر یقین رکھیں، کیوں کہ خدا سب سے زیادہ دانا اور تخلیقی صلاحیت رکھتا ہے اور اس وقت بھی راستہ نکال سکتا ہے جب کوئی دوسرا ایسا نہیں کرسکتا۔ سب کہیں، "بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے!"

دانیال کو شیر کی کھو ہ میں پھینک دیا گیا تھا اور وہ پوری رات وہیں رہا۔ یہ کس قدر خوف ناک چیز ہے! کیا آپ نے قریب سے شیر کو دیکھا ہے؟ حتٰی کہ اس کی چھوٹی سی دھاڑ سے زمین ہل جاتی ہے۔ لیکن خدا نے فرشتوں کو بھیج کر شیروں کے منہ بند کروادیئے اور ان کی کھوہ میں موجود ہونے کے باوجود بھی دانیال کو بچا لیا۔ دانیال نے پوری رات شیروں کے ساتھ گزاری اور وہ شیر ایسے معلوم ہوتے تھے کہ گویا کوئی بڑے جانور ہیں جن کے اندر روئی وغیرہ بھری ہوئی ہے۔ علیٰ الصبح، بادشاہ دارا آیا تو دانیال کو صحیح سالم پایا۔ اس نے دانیال کے دشمنوں کو شیروں کی کھوہ میں پھینکا اور اس سے پہلے کے وہ زمین پر گرتے ، شیروں نے انہیں ہلاک کردیا۔ اس کے ساتھ ہی، بادشاہ دارا نے اپنی پوری سلطنت سے کہا کہ وہ دانیال کے خدا سے عقیدت کا اظہار کریں، اور دانیال کو سلطنت میں ایک اعلیٰ عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ سب کہیں، "بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے!"

یہ جاننا کہ خدا کون ہے، اور یہ کہ ساری حاکمیت کا مالک وہی ہے اور وہی سب سے طاقت ور ہے، ہمیں مشکل کام کرنے کی جرات (بہادری) عطا کرتا ہے، جیسا کہ خدا پر یقین کرنا اور اس کے احکامات ماننا اور دوسروں سے اس وقت محبت کرنا جب ایسا کرنا مشکل ہو۔ خدا کے بارے میں زیادہ سے زیادہ سمجھ بوجھ کے لیے ، ہمیں روزانہ کی بنیاد پر اس کے ساتھ وقت گزارنے کی ضرورت ہے جیساکہ دانیال نے کیا تھا۔ انجیل مقدس پڑھیں، عبادت کریں،

اس کے گیت گائیں، اس وقت بھی جب آپ تنہا ہوں۔ جب آپ ایسا کریں گے تو آپ کو مزید پتا چلے گا کہ خدا کتنا عظیم ہے اور پھر مزید بہادری کا مظاہرہ کریں گے۔ سب کہیں، "بہادری ثابت قدمی کا درس دیتی ہے!"

## گارڈن گیمز 5

### *شیر کا ماسک (بہروپ)*



**مٹریل (مواد):**

*ماسک کی کاغذ سے بنی ہوئی اساس
*پیلے رنگ کا نرم یا رنگین کاغذجس پر چہرہ بنا ہو
*نارنجی رنگ کا نرم یا رنگین کاغذ جو کانوں، بھنوؤں اور ناک کے لیے استعمال کیاجائے
*سفید رنگ کا نرم کاغذ جو منہ کے لیے استعمال کیا جائے
*بل دار پٹی، 50 سینٹی میٹر
*رنگ
*گلو

***ہدایات***

*ماسک کی اساس کو کاٹیں اور اسے رنگ کریں
*پیلے رنگ کے نرم یا رنگین کاغذ کو گلو کی مدد سے اس کے اوپر جوڑ دیں۔
*اس کے اوپر، منہ کو گلو کی مدد سے جوڑیں اور پھر اس کے اوپر ناک کو۔ جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے، کانوں اور بھنوؤں کو بھی گلو کی مدد سے جوڑ دیں
*دونوں جانب موجود سوراخوں میں بل دار پٹی کو باندھیں تاکہ یہ ماسک بچے کے سر پر پورا آجائے۔

## پَیلس میں کلاس5









| | | |
|---|---|---|
| 4 | 2 | 14 |
| 9 | 15 | 3 |
| 1 | 11 | 8 |
| 10 | 5 | 7 |
| 12 | 13 | 6 |









## سوالات اور جوابات 5

1. ***ثابت قدم رہنے کا کیا مطلب ہے؟***
اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمت نہیں ہارنی بلکہ مشکل حالات میں کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہیئے۔ دانیال نے عبادت کرنا ترک نہیں کیا تھا۔
2. ***جب شیر بہت بھوکے تھے تو انہیں نے دانیال کو کیوں نہیں کھایا؟***
خدا نے ایک فرشتہ بھیجا جس نے شیروں کا منہ بند کردیا تھا اس لیے وہ دانیال کو نہیں کھا سکتے تھے۔
3. ***اس دوران بادشاہ دارا کو کیا محسوس ہوتا رہا ہوگا:جب اسے یہ حکم نامہ جاری کرنے کے لیے پھنسایا گیا کہ اس کی بجائے خدا کی عبادت کرنا غیر قانونی ہے؟ جب اس نے دانیال کو بھوکے شیروں کے آگے ڈالنا پڑا تھا؟ جب دانیال کو کوئی تکلیف نہ پہنچی؟ جب اس نے افسروں (دانیال کے حاسدوں) کو شیروں کی کھو میں پھینکنے کا فیصلہ کیا؟***
ممکنہ جوابات: متکبر اور عبادت کیے جانے کے لیے خاص فرد، دانیال کو ایسی جگہ پر ڈالنے پر پریشان جہاں وہ ہلاک ہوجائے گا، دانیال کے بچ جانے پر سکھ کا سانس لیا، دانیال کو تکلیف پہنچانے کے لیے بادشاہ کو چال میں پھنسانے کی وجہ سے افسروں پر غصہ ۔
4. ***کون سا ایسا نیک کام ہے جس کو آپ کے لیے اپنی زندگی میں جاری رکھنا مشکل لگتا ہے؟***
ممکنہ جوابات: عبادت کرنا ، انجیلِ مقدس پڑھنا، خدا کے لیے گیت گانا، والدہ کے لیے کھانے تیار کرنا، اپنے بھائی یا بہن کے ساتھ رحمدلی سے پیش آنا، دوسروں کے ساتھ بحث کرتے ہوئے بامروت رہنا، اپنے دل اور خیالات کی حفاظت کرنا، ایسی سرگرمیاں(کام) جوسب کرتے ہیں ، سے بچنا جب کہ آپ کو معلوم ہو کہ وہ کام غلط ہیں۔
5. ***جب بادشاہ نے دانیال کو شیروں کی کھوہ سے باہر نکالا تو اس کے بعد کیا ہوا؟***
بادشاہ نے ساری رعایا (عوام) سے کہا کہ وہ دانیال کے خدا سے عقیدت کا اظہار کریں۔ دانیال کو سلطنت میں ایک اعلیٰ عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ دانیال کے دشمنوں کو شیر کھا گئے۔

## اسائنمنٹ 5

دانیال کی طرح آج دن میں تین بار عبادت کریں۔




## دانیال کے کردار کے ساتھ ڈرامے 5

ٹیچر: دانیال، آپ کو ایک بار پھر خوش آمدید۔

دانیال: آپ کا بہت شکریہ۔ ایک بارپھر یہاں آنے پر میں بہت خوش ہوں۔ ملکہ ایستھر کا دورہ کیسا رہا ؟

ٹیچر: ایستھر کے یہاں آنے پر ہم بہت زیادہ لطف اندوز ہوئے۔ آج ہم نے آپ اور شیروں کے بارے میں کوئی بات سنی ہے۔ کیا یہ سچ ہے؟

دانیال: جی ہاں، یہ سچ ہے۔ ایک بار میں نے پوری رات شیروں کے ساتھ گزاری۔ اب تک، میں نے آپ کو صرف وہ واقعات سنائے ہیں جو بادشاہ نیبو چاڈنیزر کے دور حکومت میں پیش آئے تھے۔ بعد ازاں، میڈیز اور فارسی (پرشیئنز) آئے اور بابل کو فتح کرلیا۔ ایک بارپھر، اقتدار تبدیل ہوا اور ایسا محسوس ہوا کہ ہم ایک بار پھر جلا وطنی میں جارہے ہیں اور ہمیں پھر سے نئی ثقافت اور حکومتی نظام کو سیکھنا پڑے گا۔ لیکن بادشاہ دارا نے مجھے پرکھا اور مجھے دیگر دو افراد کے ہمراہ مختلف صوبوں کے امور سونپ دیئے۔ کچھ عرصہ بعد، اس نے مجھے پوری سلطنت کی سربراہی دینے کا منصوبہ بنایا۔ دیگر امرا مجھ سے حسد کرنے لگے اور مجھ سے چھٹکارا چاہتے تھے۔ چلتے پھرتے میں ان کی سرگوشیاں سنتا تھا اور جان لیا تھا کہ وہ کوئی منصوبہ بندی کررہے ہیں۔ ایک دن، بادشاہ دارا نے فرمان جاری کیا کہ کوئی بھی فرد اس (دارا) کے علاوہ کسی خدا یا آدمی کی عبادت نہیں کرسکتا۔ بصورت دیگر اسے سزا کے طور پر شیرکی کھوہ میں پھینک دیا جائے گا۔ لوگ چھوٹی چھوٹی چیزوں کی عبادت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن اس بار ایک زندہ آدمی تھا (جس کی عبادت کی جارہی تھی)۔ یہ چیز مجھے انتہائی نامعقول لگی لیکن نئی سلطنت میں کسی بھی حکم نامہ (فرمان) کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اپنے معمول کے حصہ کے طور پر، میں نے

روزانہ کی بنیاد پر خدا کی عبادت اور اس کا شکر ادا کرنا جاری رکھا۔ وہ میری پوری زندگی کے دوران میری مدد کرتا رہا ہے، اور اپنی ذمہ داریاں بہتر طریقے سے انجام دینے کے لیے مجھے اس کی مسلسل مدد کی ضرورت ہے۔ ایک دن میں خدا کی عبادت اور اس کی مدد طلب کررہا تھا جب افسران کا ایک گروپ میرے کمرے میں گھسا اورمجھے خدا کی عبادت کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ وہ مجھے بادشاہ دارا کے پاس لے گئے۔ جب انہوں نے میری سرگرمی کے بارے میں اسے بتایا تو وہ بہت رنجیدہ دکھائی دیا۔ میں نے اس صورت حال سے نکلنے کی خواہش کی، تاکہ نئے بادشاہ کی خدمات سرانجام دیتا رہوں اور پوری سلطنت کی بھلائی کے لیے کام کرتا رہوں۔


بادشاہ دارا نے مجھے بچانے کے لیے پورا دن سوچ بچار کی۔ مجھے کوئی اندازہ نہیں تھاکہ وہ میرے لیے اس قدر نرم گوشہ کیوں رکھتا تھا۔ لیکن ایک رات، جب یہ معلوم ہوگیا کہ کوئی راستہ نہیں بچا تو انہوں نے مجھے شیر کی کھوہ میں پھینک دیا۔ میں وہ جگہ کبھی نہیں بھولوں گا، وہ شیروں کی بدبو اور حِدت۔ حتٰی کہ ان کے گلے سے نکلنے والی چھوٹی سی دھاڑ بھی زمین کو دہلا دیتی ہے۔ لیکن وہ کبھی بھی مجھ پر حملہ کرنے، مجھے یا کسی اور چیز کو کھانے کے لیے نہیں آئے۔ لازماً وہاں کوئی فرشتہ یا کوئی چیز ہوگی جیسا کہ آگ کی بھٹی میں میرے دوستوں کے ساتھ ہوا تھا۔ صبح سویرے میں نے بادشاہ دارا کے بلانے کی آواز سنی جس نے پوچھا کہ آیا میں خیریت سے ہوں یا نہیں اور یہ کہ آیا میرے خدا نے مجھے محفوظ رکھا یا نہیں۔ میں نے اسے فرشتے کے بارے میں بتایا اور یقین دلایا کہ میں نے اس (دارا) کے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں کیا تھا۔ اس نے ان دوسرے آدمیوں کو شیر کی کھوہ میں پھینک دیا اور شیر انہیں فوراً کھا گئے۔ پھر بادشاہ نے فرمان جاری کیا کہ سلطنت کی ساری عوام خدا سے ڈرے اور اس سے عقیدت کا اظہارکرے۔ دیکھیں، خدا نے ایک نئے بادشاہ کے سامنے اپنی طاقت ظاہر کی جو اسے نہیں جانتا تھا۔ ایک بار پھر ہم نے دیکھا کہ اس جلاوطنی میں بھی خدا ہمارے ساتھ تھا۔

یہ سننا بہت حوصلہ افزا ہے کہ کس طرح آپ نے عبادت میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔

دانیال: بھول جانا بہت آسان ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ مجھے روزانہ کی بنیاد پر خدا کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ ہر وقت میری مدد کرتا ہے اور اس کے لیے میں ہمیشہ اس کا ممنون ہوں

## سرگرمی 5

***اپنے وقت کو سنبھالنا (ہم آہنگ کرنا)***



ہر بچے کے ہاتھ میں ایک کاغذ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ہفتے میں دستیاب اپنے فارغ وقت کے بارے میں سوچیں جووہ خدا کے ساتھ گزارسکتے ہیں چاہے وہ عبادت کی شکل میں ہو ، انجیل مقدس پڑھنے کی صورت میں یا پھر خدا کی حمد بیان کرنے کی صورت میں۔ انہیں اپنے فارغ وقت کے بارے میں لکھنے یا تصاویر بنانے دیں کہ ان کے پاس کتنا فارغ وقت ہے، اور پھر خدا کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ شروع میں خدا کے لیے محض دومنٹ کا وقت بھی متعین کیا جاسکتا ہے جس میں بعد ازاں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

## 5 رائل بینکوئٹ

***شیر***



***اجزاء:***

- آپ کی مرضی کا پیلے رنگ کا پھل (انناس، آم وغیرہ)
- نارنجی رنگ کا پھل یا سبزی ( سنگترے یا گاجر کی ڈلیاں)
- کیلے کا ایک ٹکڑا (کانوں کے لیے )
- ایک چاقو
- بلو بیریز یا ریزنز

***ہدایات:***

1. چاقو کی مدد سے پیلے رنگ کے پھل کو دائروی شکل میں کاٹیں تاکہ اس سے شیر کا چہرہ بنایا جاسکے۔
2. نارنجی رنگ کے پھل اور /یا سبزی جو آپ نے منتخب کی ہے، کو اس طرح رکھیں کہ وہ شیر کی گردن کے بالوں کو ظاہر کرے۔
3. کیلے کے کچھ ٹکڑوں کو اس طرح رکھیں کہ وہ شیر کے کانوں کو ظاہر کریں
4. شیر کی آنکھوں کے لیے کچھ بلو بیریز یا ریزنز رکھیں۔
5. شیر کی مونچھوں کو ظاہر کرنے کے لیے گاجر کی ڈلیاں رکھ دیں۔

***تیار ہوجائیں! اب ہم ایک مزید شیر کھا سکتے ہیں اور اس دوران ہمیں یاد رکھنا ہوگا کہ ہمیں بھی دانیال کی طرح بہادری کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔***

**چہرے کے اشارے**

چھوٹے کاغذوں پر VBSمیں شامل کی گئی انجیل مقدس کی کہانیوں کے کرداروں جیسا کہ دانیال، ایستھر، بادشاہ نیبوچاڈنیزر، آگ، شیر وغیرہ کے نام لکھیں۔ کاغذ کے ان ٹکڑوں کو ایک ڈبے میں رکھیں۔ بچوں کی دو ٹیمیں بنائیں۔ ہر ٹیم کا ایک نمائندہ سامنا آکر اپنی سرگرمی کرے۔ ان کی سرگرمی کا تعین ڈبے سے ایک کاغذ نکال کر کریں۔ ایک لفظ بولے یا کوئی آواز نکالے بغیر، بچے اس کردار یا شئے کی طرح کی سرگرمی دکھائیں، اور دوسرے بچے بُوجھیں کہ وہ کس کردار یا چیز کی سرگرمی کررہے ہیں۔ اس کھیل کو دہرائیں اور سرگرمی کے لیے بچوں کو تبدیل کرتے رہیں۔ وہ ٹیم جو زیادہ بار بُوجھے گی، جیت جائے گی۔



**کپ ٹاور**

بچوں کی ٹیمیں بنائیں اور سامنے جا کر کھیلنے کے لیے ہر ٹیم سے ایک نمائندہ بچہ بھیجیں۔ ہر ایک بچے کو برابر تعداد میں پلاسٹک کے کپ دیں اور ان کی آنکھوں پر ایک پٹی باندھ دیں۔ کھلاڑیوں کو آنکھوں پر پٹی موجود ہوتے ہوئے ان کپوں کی مدد سے ایک ٹاور بنانا ہوگا۔ اگر یہ ٹاور گر جاتا ہے تو وہ کھلاڑی ہار جائے گا۔ وہ کھلاڑی جو سب سے پہلے ٹاور بنائے گا اور وہ ٹاور اگر نہیں گرتا تو وہ بچہ جیت جائے گا۔

